It is mandatory for all members of the resident missions in Pakistan to be in possession of a valid Accreditation Card /ID Card issued by the Protocol Division of the Ministry of Foreign Affairs. The diplomatic immunity is enjoyed by the following categories of diplomats/officials:

Categories of Diplomatic Staff posted at Islamabad

- Ambassadors / High Commissioners
- Charge d' Affaires'
- Deputy Heads of Mission
- Counsellors
- Defense/Naval/Air Attaches
- Diplomatic Secretaries (1st, 2nd 3rd)
- Liaison Officers
- Commercial/Information Attache
- Other Attaches
- Administrative and Technical Staff
- Service Staff

Mr. Deputy Chairman: Next Question Nos. so, the 56, 57 and 58 Senator Behramand Khan Tangi has asked for deferment and questions are deferred. Question Hour is over. Now, we take up leave applications.

Leave of Absence

Mr. Deputy Chairman: Senator Professor Sajid Mir has requested for grant of leave for 21st July, 2020 due to personal reasons. Is the leave granted?

(The leave was granted)

Mr. Deputy Chairman: Senator Kauda Babar has requested for grant of leave from 21st July till the end of current Session due to personal reasons. Is the leave granted?

(The leave was granted)

Mr. Deputy Chairman: Senator Sassui Palijo has requested for grant of leave from 20th to 24th July, 2020 due to personal reasons. Is the leave granted?

(The leave was granted)

Mr. Deputy Chairman: Senator Sirajul Haq has requested for grant of leave for today, 21st July, 2020 due to personal reasons and also requested to defer his today's business. Is the leave granted?

(The leave was granted)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر ہدایت اللہ صاحب! آپ privilege motion move کریں۔

Privilege motion moved by Senator Hidayat Ullah regarding breach of privilege by the Secretary, Ministry of National Health Services, Regulation and Coordination

Senator Hidayat Ullah: Thank you Mr. Chairman. I would like to move privilege motion which is breach of the privilege by the Secretary, Ministry of Health Services Regulation and Coordination, which is against the ruling of the Chairman Senate during the sitting of Senate held on 14th May, 2020. Senator Sajjad Hussain Turi pointed out the issue of doctors of PIMS, the Chairman Senate gave ruling by referring the matter to the committee. The Executive Director of PIMS was advised to refrain from any action until Senate Standing Committee takes decision by issuing letter on 29th May, 2020 and 2nd letter was issued on 20th July, 2020 with the approval of the Chairman Senate. The Secretary Senate also advised the Ministry not to take any take action and the letter was sent to the Ministry.

All the directions of the House have been neglected by the Ministry by issuing Show Cause Notices to the doctors on 23rd July, 2020 which seems to be a retaliation to the letter of the Secretariat. The privilege of the House and ruling of the Chair has been breached on the said matter. I request you kindly refer it to the Privilege Committee and I would like to explain it in few minutes.

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ پہلے explain کر دیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ: جناب! آپ کا شکریہ۔ جناب! 6th December, 2006 کو ایک SRO جاری ہوا جو کہ recruitments, administration and general cadres کے لیے ہے۔

Teaching cadres respectively were made whereby a quota of 5% was reserved for appointment in BSP-17 and 18 from the provinces. No other SRO was issued after that and that was also gazetted on 8th December, 2006. The above amended rules also support the absorption appointment by transfer of doctors of PIMS and also mentioned 5% provincial quota and things were done according to law and as mentioned in the advertisement. Mr. Chairman, on 14.10.2006 Dr. Ayesha Essani issued repatriation Orders of the Doctors of the PIMS without any reason. On 7th April, 2016 Mr. Justice Amir Muslim Hani of the Supreme Court suspended the repatriation Orders of the Doctors and ordered to re-examine the Service Structure of the Doctors of PIMS through committee. On 5th January, 2018 the competent Authority who issued the repatriation Orders, that is Vice Chancellor of Shaheed Zulfiqar Ali Bhutto Medical University, withdrew the letter in the best interest of the Institute and the public. On 18.10.2018 Ministry of Health submitted the report in the Supreme Court in which the repatriation was recommended but the Chief Justice Mian Saqib Nisar discarded the report and constituted another committee to make structure for the doctors. The Committee submitted the report in the Supreme Court again in which category-I and category-II was legalized by the Committee, Justice Gulzar ordered to consider the report

and make the Service Structure of doctors of ICT within 3 months, the Service Structure was also made by the Ministry of Health and the report submitted on the next date and the matter was disposed of. It is no more subjudice, and the Supreme Court has never ordered for repatriation of these doctors.

جناب! میں یہاں پر بتانا چاہتا ہوں کہ اس میں اس طرح کے doctors بھی ہیں جو departments کو head کر رہے ہیں جنہوں نے کورونا میں بڑی قربانیاں دی ہیں۔یہاں سے letter issue ہونے اور چیئرمین صاحب کی ruling کے بعد وہ آکر کمیٹی میں explain کر سکتے تھے۔ان کو retaliation نہیں کرنی چاہیے تھی،ان doctors کی بڑی قربانیاں ہیں،اگر ہم ان doctors کو بھیج دیں تو آپ کا PIMS خالی ہو جائے گا کیونکہ کافی doctors departments کو head کر رہے ہیں۔ میں یہاں پر assure کرتا ہوں کہ ان کی repatriation کے بارے میں Supreme Court کا کوئی order نہیں ہے۔Matter dispose of ہو چکا ہے۔

میری آخر میں آپ سے گزارش ہے کہ آپ مہربانی فرما کر Secretary Health کو direct کریں کہ انہوں نے جو letters issue کیے ہیں وہ انہیں suspend کریں، کمیٹی کے سامنے اپنی پوزیشن بیان کریں اور اسے Privilege Committee کو بھیجیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر صاحب ہم کوئی decision لے لیتے ہیں on referring it to Privilege Committee on this issue. آپ ایجنڈا کے بعد اس پر بات کر لیں،ان کی درخواست کو تو پہلے decide کر لیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: عثمان صاحب پہلے agenda چلنے دیں۔آپ کو اس پر decision لینا ہے؟میں کوئی غلط بات ہی نہیں کر رہا۔جی عثمان صاحب بولیں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب چیئرمین!میں نے بھی سیکریٹریٹ میں privilege جمع کیا تھا جو ابھی تک Table نہیں ہوا ہے۔یہ ٹھیک روایت نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: عثمان صاحب اس پر آپ کے sign ہیں۔ Table کیوں نہیں ہوا، اس پر آپ کے sign ہیں۔

Senator Muhammad Usman Khan Kakar

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: مجھے پڑھنے نہیں دیا گیا ہے، میں نے علیحدہ سے جمع کرایا تھا۔ یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔ میں یہاں لایا تھا، چیئرمین صاحب نے کمیٹی کے حوالے کیا تھا، ابھی وہ کمیٹی میں زیر بحث ہے، وہاں پر سیکریٹری نے جنگل کا قانون بنایا ہوا ہے اور آرڈر کر دیا ہے۔ یہ اسلام آباد ہم سب کا مشترکہ شہر ہے۔ یہ ہم سب کا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ہم اسے کمیٹی کے پاس ہی بھیج رہے ہیں۔ آپ نے اس پر sign کیے ہوئے ہیں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: سیکریٹری نے جو آرڈر کیا ہے اسے suspend کر دیں۔ 100 ڈاکٹروں کا مسئلہ ہے۔ وہ ڈاکٹر سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور فاٹا سے تعلق رکھتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جی۔ عثمان صاحب ٹھیک ہے۔ جی سینیٹر دلاور صاحب۔

Senator Dilawar Khan

سینیٹر دلاور خان: جناب چیئرمین! یہ ہسپتال Federal Government, Health Ministry کے under چلتا ہے۔ اس میں مختلف صوبوں کا پانچ فیصد کوٹا مختص ہے کہ وہاں سے ڈاکٹر صاحبان آئیں اور یہاں کام کریں۔ جس طرح علی محمد خان صاحب اور محسن عزیز صاحب نے فرمایا کہ ڈاکٹروں نے بہت قربانیاں دیں تو اسے ہم بھی تسلیم کرتے ہیں۔ جو ڈاکٹر مختلف صوبوں سے مختلف ادوار میں آئے ہیں وہ سپریم کورٹ گئے اور سپریم کورٹ نے Ministry of Health کو کہا کہ آپ ان لوگوں کی restructuring کریں۔ پھر یہ مسئلہ یہاں ایوان میں آیا اور چیئرمین سینیٹ صاحب نے Ministry of Health کو ruling دی کہ مہربانی کر کے اگر آپ انہیں واپس بھیجیں گے تو، کیونکہ آج بھی PIMS میں faculty in Urology Department اور نیورو سرجن نہیں ہیں، Eye Department بند ہو جائے گا، PIMS میں ایک بندہ administration میں بیٹھا ہوا ہے جو پورے PIMS کا سسٹم چلا آ رہا ہے۔ ایک

توچیئرمین سینیٹ کاprivilege breach ہوا ہے آپ اس کا نوٹس لیں اور دوسرا سپریم کورٹ کا جو فیصلہ آیا تھا کہ ان لوگوں کی restructuring کروائیں، وہ انہیں ان کے parent Provinces میں بھیج رہے ہیں۔ اس طرح تو PIMS Hospital بالکل خالی ہو جائے گا۔ مہربانی کر کے آپ direction دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے جی I will send this to the Privilege Committee. On this issue, referring to the Privilege Committee we would request the Health Secretary to suspend the orders that he has issued. Leader of the House اور منسٹر صاحب آپ please اسے take-up کر لیں۔ جی شیریں رحمٰن صاحبہ، آپ کا Privilege Motion?

سینیٹر شیری رحمٰن: Senate Aviation Committee کے حوالے سے singed by Mustafa Khokhar, myself and Moula Bux Chandio, اب وہ آ نہیں رہا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شاید وہ calling attention notice ہے؟

سینیٹر شیری رحمٰن: نہیں، وہ الگ سے admitted Privilege Motion ہے---

Mr. Deputy Chairman: But it is not on the agenda.

Senator Sherry Rehman: Not on the agenda, I wanted to look into why it's not going to the Committee. Thank you.

Mr. Deputy Chairman: Ok. Order No.3. Senator Mohsin Aziz, Chairman, Standing Committee on Petroleum may move Order No.3.

Motion Under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Petroleum regarding shortage of gas in the country

Senator Mohsin Aziz: I, Senator Mohsin Aziz, Chairman, Standing Committee on Petroleum move

under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the subject matter of a Calling Attention Notice moved by Senators Sherry Rehman and Sassui Palijo on 10th January, 2020, regarding shortage of gas in the country, may be extended for a period of sixty working days with effect from 20th July, 2020.

Mr. Deputy Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the subject matter of a Calling Attention Notice moved by Senators Sherry Rehman and Sassui Palijo on 10th January, 2020, regarding shortage of gas in the country, may be extended for a period of sixty working days with effect from 20th July, 2020.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Chairman: Order No.4. Senator Mohsin Aziz, may move Order No.4.

Motion Under Rule 194(1) moved by Chairman Standing Committee on Petroleum regarding Distribution of Natural Gas amongst the Provinces

Senator Mohsin Aziz: I, Senator Mohsin Aziz, Chairman, Standing Committee on Petroleum move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of Report of the Standing Committee on a Point of Public Importance raised by Senator Dr. Sikandar Mandhro on 21st January, 2020, regarding distribution of natural gas amongst the

provinces under Articles 158 and 172 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, may be extended for a period of sixty working days with effect from30th July,2020.

Mr. Deputy Chairman: Senator Mohsin Aziz *Sahib,* why you are asking for sixty days extension?

سینیٹر محسن عزیز: جناب چیئرمین!اس میں ایسا ہوا کہ ایک مرتبہ شیریں رحمٰن صاحبہ نے meeting سے walkout کیا تھا، she wanted منسٹر صاحب کے نا آنے کی وجہ سے to hear him out اور دوسری مرتبہ اسے raise کیا تھا لیکن پھر وہ تشریف نہیں لائیں اور انہوں نے deferment مانگ لی تھی اس وجہ سے late ہو گئی۔اس کے بعد کرونا کا مسئلہ بن گیا تھا۔ اس کے بعد ہماری ایک meeting ہوئی تھی لیکن اس کے بعد Committee meetings کو بند کر دیا گیا تھا، so that is why this delay has taken place.

Mr. Deputy Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of Report of the Standing Committee on a Point of Public Importance raised by Senator Dr. Sikandar Mandhro on 21st January, 2020, regarding distribution of natural gas amongst the provinces under Articles 158 and 172 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, may be extended for a period of sixty working days with effect from 30th July,2020.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Chairman: Order No.5. Senator Walid Iqbal, Chairman, Standing Committee on Defence may move Order No.5.

Motion Under Rule 194(1) moved by Chairman Standing Committee on Defence regarding

appointment of Chairman Joint Chiefs of Staff Committee

Senator Walid Iqbal: Thank you, Mr. Chairman. I, Walid Iqbal, Chairman, Standing Committee on Defence move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on a point of public importance raised by Senator Nauman Wazir Khattak on 5th March, 2019, regarding appointment of Chairman, Joint Chiefs of Staff Committee, may be extended for a period of sixty working days with effect from 24th July, 2020.

Mr. Deputy Chairman: Walid *Sahib*, why you are asking for sixty days extension?

سینیٹر ولید اقبال: Just to be on the safe side, میں اس بارے میں عرض کر دوں کہ یہ مئی یا جون 2019 میں take-up ہوا اور mover سینیٹر نعمان وزیر خٹک صاحب تھے۔ انہوں نے Ministry of Defence میں کچھ فائلوں کو examine کرنے کی خواہش کا اظہار کیا اور منسٹری نے کہا کہ آپ کر لیں۔ پھر کچھ عرصے کے بعد وقت مقرر ہوا اور انہوں نے ان فائلوں کو examine کیا اور ان کی تسلی بھی ہو گئی۔ اسے صرف conclude کرنا تھا اور mover نے آ کر کہنا تھا کہ میں نے ریکارڈ دیکھ لیا ہے اور میری تقرری کے طریقے کار کے بابت تسلی ہو گئی ہے اور اتفاق سے 19 مارچ، 2020 کو Standing Committee meeting مقرر تھی اور اس میں یہ بھی ایک agenda item تھا لیکن 15 یا 16 مارچ کو Covid کی وجہ سے تمام meetings منسوخ ہو گئیں اور اس کے بعد میں یہ دیکھ رہا ہوں کہ سینیٹر نعمان وزیر خٹک صاحب جو mover ہیں وہ Covid کے درمیان بالکل تشریف نہیں لا رہے اس لیے مجھے توقع یہی ہے کہ شاید اس میں تھوڑا اور وقت لگ جائے۔ ویسے تو ہم اگلے ہفتے ہی meeting کر رہے ہیں لیکن مجھے لگتا ہے کہ mover موجود نہیں ہوں گے۔

Mr. Deputy Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on a point of public importance raised by Senator Nauman Wazir Khattak on 5th March, 2019, regarding appointment of Chairman, Joint Chiefs of Staff Committee, may be extended for a period of sixty working days with effect from 24th July, 2020.

(The motion was carried)

If that is OK, we will take the Order No.7 first. There is a Calling Attention Notice at Order No.7 in the names of Senator Sherry Rehman and Senator Mushtaq Ahmed. Please raise the matter. Leader of the Opposition, is it OK to take up Order No.7 first?

Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq: Everything is OK today.

Mr. Deputy Chairman: Right. Sherry Rehman, please move the order.

Calling Attention Notice moved by Senator Sherry Rehman regarding increase in prices of medicines by the Government

Senator Sherry Rehman: Thank you. I draw attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination towards the increase of 10% in the prices of medicines by the Government.

اس میں، میں نے لکھا تو یہ تھا کہ prices, national health emergency pandemic کے دوران اتنی تیزی سے بڑھائی گئی ہیں اور بغیر کسی جواز کے بڑھائی گئی ہیں لیکن اس کا تناظر اور backdrop یہ ہے کہ Drug Regulatory Authority of Pakistan نے جمعہ کو یہ نوٹیفکیشن issue کیا اور

pharmaceutical companies کو بغیر کسی discussion کے life-saving drugs میں 7 فیصد جبکہ دوسری ادویات میں 10 فیصد اضافہ کرنے دیا۔ یہ کام حکومت اور اس کے پالیسی بورڈ کے مطابق ہوا ہے۔ اب اس کے پیچھے بھی یہ صورت حال ہے کہ 2019 میں اسی حکومت نے کوئی 45 ہزار ادویات کی قیمتوں کو 15 فیصد بڑھانے کی اجازت دی۔ اس کے علاوہ 463 hardship medicines کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ 'Hardship medicine' is a defined category. چونکہ میں وزیر صحت رہی ہوں، ہم نے ہرگز اپنی حکومت میں یہ allow نہیں کیا تھا، مجھے pharmaceutical companies press کرتی رہیں۔ ہم نے کہا نہیں، یہ نہ کریں۔ اس طرح یہ prices frozen رہیں لیکن اس حکومت کے آتے ہی 463 hardship medicines were increased by 200%. ان ادویات کی قیمتوں میں 200 فیصد اضافہ کر کے آپ نے پاکستانی عوام پر ظلم کیا ہے۔ لوگ ان ادویات کو خرید نہیں پا رہے۔

یہ معاملہ پچھلے سال سے چل رہا ہے جبکہ آپ سابقہ چالیس سالوں کا تناظر دیکھ لیں اور اس حکومت کے دور کو دیکھ لیں۔ میں صرف یہ کہنا چاہتی ہوں کہ انہوں نے عوام پر ظلم کیا ہے۔ یہ immunity کی بات کرتے ہیں، کسی آدمی کی قوتِ مدافعت کیسے رہے گی جب آپ hardship medicines کی قیمتوں میں اس قدر اضافہ کریں گے۔ آپ نے ہر دوا کی قیمت میں اضافہ کیا، 45 ہزار ادویات کی قیمتوں میں 15 فیصد اضافہ جبکہ 463 hardship medicines کی قیمتوں میں 200 فیصد اضافہ، چالیس سالوں میں ایسا نہیں ہوا۔ ویسے بھی انہیں پتا ہونا چاہیے کہ inflation peg i.e. automatic increase, pharmaceutical industry کر رہی ہوتی ہے۔ انہوں نے اس کو ہٹایا کہ automatic inflation peg نہ ہو، یہ اس طرح کا فارمولا لے کر آتے رہے ہیں۔ جو بھی فارمولا لائے ہیں، قطع نظر اس کے کہ بغیر کسی شفافیت کے، بغیر کسی سوچ کے، پاکستان کتنے مشکل امتحان سے گزر رہا ہے اور عوام کس مشکل امتحان سے گزر رہے ہیں، آپ نے پہلے تو پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کو تہس نہس کیا، اپنے دوستوں اور رشتے داروں کو نوازنے کے لیے جو باہر بیٹھے ہوتے ہیں، برکی صاحب کونسل کو چلا رہے ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ DRAP بھی پتا نہیں کس کٹھ پتلی کے ہاتھ میں ہوتا ہے، ان کے دوستوں کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔

اس حکومت کی طرف سے یہ increases کی گئی ہیں جو کہ ہم نے تیرہ سال سے روکی ہوئی تھیں۔ اس معاملے پر cases بھی ہوں گے۔ This will open up the flood gates for litigation the way they have done it. اس حوالے سے apex court یعنی سپریم کورٹ نے ایک پالیسی بھی بنائی تھی کہ آپ اس پر کاربند رہیں۔ سیکڑوں hardship cases سنوائے گئے تھے، drug manufacturers نے انہیں بار بار appeal بھی کی لیکن انہوں نے allow نہیں کیا۔ دوسری طرف، اِنہوں نے اپنی arbitrary powers استعمال کیں جن پر کوئی لگام نہیں ہے۔ یہ کہتے تھے merit ہوگا، check and balance ہوگا جبکہ انہوں نے بے لگام powers واپس لیے ہیں، اختیارات لیے ہیں اور 10 فیصد اور 15 فیصد کے حساب سے ادویات کی قیمتوں میں اضافہ کرتے گئے ہیں۔ پاکستان کے عوام بلبلا رہے ہیں۔ سیکڑوں cases ہیں اور petitioners کھڑے ہیں کہ ہم کہاں جائیں۔ وہ لوگ جن میں سکت ہے، وہ اپنے cases لا سکتے ہیں لیکن بہت سے گھروں میں ہی پریشان ہیں۔

کرونا (Covid) جیسی وبا کے دوران، ایسی pandemic جس میں امریکہ جیسے ملک، the heartland of capitalism نے اس طرح نہیں کیا، آپ کر رہے ہیں۔ آپ قوتِ مدافعت کی بات کرتے ہیں، ویسے بھی آپ نے herd immunity کی پالیسی اختیار کی ہوئی ہے، پھر آپ کہہ رہے ہیں کہ لوگ ادویات بھی نہ خرید سکیں۔ کہاں جائے گا پاکستان کا مزدور اور کسان؟ مڈل کلاس آدمی بھی کہاں جائے گا؟ آپ بتائیں عوام کدھر جائیں گے؟ آپ صرف construction sector کو نوازتے رہے لیکن عام لوگوں کے پاس کہاں سے disposable income آئے گی؟ آپ نے خوفناک قیمتیں مقرر کی ہیں اور relief کی بجائے عوام کو خطرے سے دوچار کر دیا ہے۔ آپ نے پاکستان کے عوام کو یہ پیغام دیا ہے کہ حکومت بے حس ہے جو سننے کے لیے تیار ہے اور نہ سمجھنے کے لیے۔ آپ نے یہ معاملہ کسی Health Committee کے ساتھ بھی share نہیں کیا اور نہ ہی آپ نے کسی سے پوچھا۔ ان حالات میں دنیا بھر میں لوگ relief packages دے رہے ہیں، چاہے یورپین یونین ہو، برطانیہ ہو، امریکہ ہو، ویتنام ہو، انڈیا ہو، کہیں بھی لیکن پاکستان میں کیا ہو رہا ہے؟ ماشاءاللہ! یزیدی سرکار کیا کر رہی ہے؟ افسوس کے ساتھ میں کہوں گی کہ آپ نے جو کام کیا ہے، اس کی کوئی explanation نہیں ہے۔ اب آپ کھڑے ہو کر کہیں گے، قطع نظر اس کے کہ آپ کی

ذات سے کوئی مسئلہ نہیں ہے، یہاں Health Minister تو ہیں نہیں جبکہ Health کا شعبہ devolve ہو چکا ہے لیکن اس قسم کی پالیسیاں لائی جا رہی ہیں اور دوست احباب پوری PMDC چلا رہے ہیں۔ سارا private sector معطل ہے، regulatory body معطل ہے، پتا نہیں کس کس کو آپ نواز رہے ہیں؟ بڑی بڑی pharmaceutical companies تو خوش ہیں، ان کو تو جو ملنا تھا، مل گیا لیکن عوام کے ساتھ کیا ہوا۔ Medicines and health emergency are a terrible trauma. آپ کو پتا ہے کہ ایک خاندان میں اس طرح health trauma ہوتا ہے، ان کی تو social class بدل جاتی ہے۔ وہ poverty line سے نیچے گر جاتے ہیں۔ بچے اسکول نہیں جا سکتے، وہ فیسیں نہیں دے سکتے، تین وقت کی روٹی سے وہ دو اور دو سے بھی کم پر آ جاتے ہیں۔

میں زیادہ نہیں بولوں گی، بس مجھے بتائیے کہ آپ نے کس پالیسی کے مطابق اس طرح کے بے حس فیصلے کیے ہیں؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: مشتاق صاحب! آپ بھی mover ہیں، کیا آپ بولنا چاہیں گے؟

Senator Mushtaq Ahmed

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! میں نے ایک calling attention notice جمع کروایا تھا کہ وفاقی حکومت نے دوائیوں کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ کر دیا ہے جس کی وجہ سے پہلے سے مہنگائی میں گھرے عوام پر مزید بوجھ ڈال دیا گیا ہے۔ لہٰذا اس کو ایوان میں discuss کیا جائے۔ میں آپ کا مشکور رہوں۔ میں صرف چھ سات منٹ لوں گا اور اعداد و شمار سے کچھ چیزیں آپ کے سامنے رکھوں گا۔

سب سے پہلی چیز تو یہ ہے کہ آئین کے آرٹیکل 38(b) کے تحت یہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ تمام شہریوں کو، خواہ وہ مستقلاً یا عارضی طور پر اگر علاج معالجے سے معذور ہیں تو ریاست انہیں علاج معالجہ فراہم کرے گی۔ یہ تو ریاست کی دستوری ذمہ داری ہے۔ جناب چیئرمین! بائیس کروڑ عوام میں چھ کروڑ شوگر کے مریض ہیں، ایک کروڑ ستر لاکھ گردوں کے امراض میں مبتلا ہیں، 30 to 40% اموات cardiovascular diseases کی وجہ سے ہوتی ہیں اور ایک کروڑ پچاس لاکھ مریض hepatitis A & B کے ہیں، یہ پاکستانیوں کی صحت اور علاج معالجے کی صورت حال ہے۔ اب

اس کے باوجود پاکستان میں ادویات کی قیمتیں اس پورے خطے میں سب سے زیادہ ہیں۔اس کے باوجود کہ سات کروڑ عوام خط غربت سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں اور حالیہ Coronavirus کی وجہ سے inflation rate double digit میں ہے، انہوں نے قیمتوں میں مزید اضافہ کر دیا ہے جبکہ ایک کروڑ لوگ روزگار سے ہاتھ دھو چکے ہیں۔جناب والا! Coronavirus اپنی peak پر ہے اور اس صورت حال میں حکومت فیصلہ کرتی ہے کہ ادویات کی قیمتوں میں اضافہ کیا جائے۔دو سال سے نیا پاکستان آیا ہے تو انہوں نے قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہوا اور وہ دو سو فیصد اضافہ ہے اور یہ چھٹی مرتبہ اضافہ ہوا ہے۔دو سالوں میں ادویات کی قیمتوں میں چھ مرتبہ دو سو فیصد اضافہ ہوا ہے۔

جناب والا! وزیر اعظم نے April, 2019 میں notice لیا تھا کہ ہم قیمتوں کو واپس لائیں گے، یہ اضافہ ظالمانہ ہے اور میں مافیا کو گھیر لوں گا۔ قیمتیں واپس تو نہیں آئیں لیکن مسلسل بڑھ رہی ہیں اور مافیا روز بروز طاقتور ہوتا جا رہا ہے۔پاکستان میں مافیا تو ہے اور حکومت بھی مانتی ہے کہ ہر طرح کا مافیا ہے لیکن drug mafia ہے، ان کی جس طرح غیر انسانی حرکات ہیں، جس طرح ان کے وارے نیارے ہیں، آپ اندازہ لگائیں کہ pharma industry 15% yearly ترقی کر رہی ہے، بڑھوتری کر رہی ہے اور multinational companies سے بھی زیادہ ہماری local pharmaceutical industry منافع کما رہی ہے۔ 2013 میں pharma industry کا total حجم چار ارب ڈالر تھا اور 2019 میں یہ آٹھ ارب ڈالر ہو گیا، آپ اس سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ کتنا منافع بخش sector ہے، یہ دونوں ہاتھوں سے منافع کما رہے ہیں، دونوں ہاتھوں سے قوم کو کتنا لوٹ رہے ہیں۔

جناب والا! آپ اس مافیا کا اندازہ اس بات سے لگا لیں کہ سابق وزیر مملکت اس مافیا کی سرپرستی کر رہے تھے، انہیں حکومت نے خود ہٹایا کہ وہ مافیا کی سرپرستی کر رہے ہیں لیکن آج تک کوئی ان کا بال بیکا نہیں کر سکا۔ میں یہ وزیر صاحب کے notice میں لانا چاہتا ہوں کہ شیخ اختر حسین Director Finance Pricing دو سالوں سے اس عہدے پر ہیں، انہیں کوئی نہیں ہٹا سکتا۔ یہ واحد شخص ہے، انسانی تاریخ کا واحد شخص ہے جو NAB case میں مردہ declare کر دیا گیا، اس کے بعد اسے دوبارہ زندگی ملی اور اب یہ Director Finance Pricing DRAP کے عہدے پر ہیں۔ میں آپ اور اس ایوان کے توسط سے حکومت سے کہتا ہوں کہ شیخ اختر حسین Director Finance

Pricing کے اثاثوں اور اس کے ایک سال کے بیرونی دوروں کی تفصیلات سامنے لائی جائیں تو ایوان کو پتا چلے گا کہ یہاں کتنے طاقتور مافیا بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب والا! DRAP حکومت کے ماتحت نہیں ہے، وہ pharmaceutical companies کے ماتحت ہے، وہ pharmaceutical companies کو خط لکھتے ہیں کہ آپ قیمتیں بھیجیں تاکہ ہم اضافہ کریں، pharmaceutical companies اپنی مرضی کی قیمتیں بھیجتی ہیں اور اضافہ ہوتا ہے۔ سپریم کورٹ میں DRAP نے تسلیم کیا کہ ہمارے پاس پاکستان کی ادویات کا کوئی record نہیں ہے۔ سبزی منڈی میں بھی سبزیوں کا کوئی record ہوتا ہے لیکن DRAP کے پاس کوئی record نہیں ہے اور جب وہ اضافہ کرتے ہیں تو pharmaceutical companies سے قیمتیں منگواتے ہیں۔

جناب والا! میں ایک اور scandal کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ انہوں نے ابھی سپریم کورٹ میں کہا کہ پاکستان میں بائیس ہزار ادویات چل رہی ہیں اور ان بائیس ہزار ادویات کا کوئی record DRAP کے پاس نہیں ہے۔ اسی طرح raw material کی آڑ میں DRAP کی نگرانی میں ادویات India سے import کی جاتی ہیں، انڈیا کی two companies ہیں، ایک company Dabur and other is Hamayala ہے۔ ان کا پاکستان کے ساتھ ستائیس ارب روپے کا business ہے، وہ قطر اور دبئی میں پیسے وصول کرتے ہیں اور raw material کی آڑ میں، DRAP کی نگرانی میں ان کی ادویات پاکستان آ رہی ہیں۔ جناب والا! میں آپ کے توسط سے حکومت سے درخواست کرتا ہوں کہ عوام شدید پریشان ہیں، مہنگائی ہے، بیروزگاری ہے اور کورونا کی وجہ سے معیشت اور عوام کی کمر ٹوٹ چکی ہے، قوم پر رحم کریں، پاکستان کو امراض کے حوالے نہ کریں، موت کے حوالے نہ کریں۔ DRAP میں مافیا کا قبضہ ہے، اس مافیا سے پاکستان اور عوام کو نجات دلائیں۔ ہم یہ اضافہ مسترد کرتے ہیں، حکومت سے درخواست کرتے ہیں، ان کے سامنے جھولی پھیلاتے ہیں کہ وہ مریضوں پر رحم کرے، پاکستانیوں پر رحم کرے۔ سات کروڑ عوام خط غربت سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں، ان پر رحم کرے، ادویات کی قیمتیں کم کریں، اس میں اضافہ نہ کریں، انہیں دو سال پہلی والی position پر لے کر جائیں۔

میں حکومت کو تجویز دیتا ہوں کہ Utility Stores میں کم قیمت پر غریب عوام کے لیے جس طرح اشیائے خورد و نوش، اگرچہ ان کا بھی حلیہ بگاڑ دیا گیا ہے، یہ فراہم کی جاتی ہیں، اسی طرح ادویات بھی Utility Stores کے ذریعے کم قیمت پر غریب عوام کو فراہم کی جائیں تاکہ پاکستان میں کروڑوں کی تعداد میں موجود مریضوں کے علاج معالجے کی کوئی صورت نکل سکے۔ شکریہ۔

Mr. Deputy Chairman: Only movers can speak. Minister Sahib, if you can conclude?

Mr. Ali Muhammad Khan, MoS for Parliamentary Affairs

جناب علی محمد خان (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں سب سے پہلے یہ دعا کرتا ہوں کہ جس طرح یہ ملک تا قیامت رہے، اسی طرح ہمارے ایوانِ بالا اور ایوانِ زیریں تا قیامت رہیں تاکہ یہاں عوام کے مسائل زیر بحث آتے رہیں اور ان کے مسائل اُجاگر ہوتے رہیں۔ اس کی بڑی اہمیت ہے کہ جب یہاں عوامی مسائل اٹھائے جاتے ہیں تو حکومتوں کا قبلہ درست ہوتا ہے۔ والی مصر ملک اشتر کو جب حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے خط لکھا تو اس میں ایک بات یہ بھی تھی کہ 'never appoint the advisors or the companions of former tyrant as your advisors or companions" یہ ہر دور کے حکمران کے لیے ہے کہ جس نے ماضی میں corrupt کے ساتھ کام کیا ہے تو آپ اسے کبھی اپنا advisor نہ لگائیں، کبھی اپنا دوست اور مشیر وغیرہ نہ لگائیں۔ کاش ہم ان اصولوں پر چل سکیں۔

جناب والا! یہاں جو issue اٹھا ہے، مجھے بہت ساری باتوں سے اتفاق ہے، مثال کے طور پر مجھے اس بات سے بالکل اتفاق ہے کہ prices نہیں بڑھنی چاہییں اور کوئی بھی حکومت اپنی مرضی سے crises میں یہ نہیں چاہتی کہ وہ prices بڑھائے لیکن اس کی کچھ reasons ہیں جو میں آپ کے سامنے گوش گزار کروں گا۔ ہو سکتا ہے کہ آپ مطمئن نہ ہوں لیکن بہر حال میں آپ کے سامنے facts رکھ دوں گا۔ مشتاق صاحب کی آخری ایک، دو suggestions بڑی زبردست ہیں، I think ان کی پزیرائی ہونی چاہیے کہ تمام ادویات تو possible نہ ہوں لیکن Utility Stores میں عام آدمی کو ضرورت پڑنے والی ادویات، بچوں کی کچھ ادویات، کچھ pain killers and antibiotics جن کی list بھی بن سکتی ہے کہ وہ پندرہ، بیس یا پچاس تک، جتنی بھی ہیں وہ وہاں provide ہوں، یہ ایک اچھی suggestion ہے۔ جب ہم لوگوں کو incentives دے رہے

ہیں اور وہاں کافی پیسا pump ہوا ہے تاکہ لوگوں کو کم قیمت پر ضروری اشیائے خورد و نوش مل سکیں تو یہ اس میں ایک اچھی suggestion ہے اور میں اسے سراہتا ہوں۔

جناب والا! میری بڑی بہن اور انتہائی معزز parliamentarian نے ایک لفظ استعمال کیا 'یزیدی سرکار'، ہم تو سب فطرتاً حسینی ہیں۔ سرکار چاہے اچھی ہو یا بری ہو، آپ کو اچھی نہ لگے لیکن یہ حسینی سرکار ہے، انصاف سرکار ہے، اس لیے ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ ہم کوشش کرتے ہیں کہ عوام کی خدمت کریں، آپ نے بھی کوشش کی ہو گی۔ یہاں بات ہوئی relief کی، ہم انہیں ادویات میں relief دیں، drug policy کا directly تو تعلق نہیں ہے لیکن چونکہ سینیٹر صاحبہ نے relief کی بات کی تو میں ان کے گوش گزار ضرور کرنا چاہوں گا کہ جس طرح ایک زمانے میں آپ BISP لے کر آئے تھے جو اچھی scheme تھی، جسے enhance کر کے ہم نے 'احساس پروگرام' کے طور پر شروع کیا۔ جب ہم نے charge سنبھالا تو یہ کوئی سوا رب کے قریب تھا، اسے 195 ارب روپے تک لے کر گئے اور نئے بجٹ میں 207 ارب تک لے کر گئے ہیں۔ جناب والا! آپ کو یہ جان کر خوشی ہو گی کہ پختونخوا جہاں ہماری حکومت تھی تو صحت کے معاملے پر ہم نے "Sehat Insaaf Card" issue کیا۔ یہ شروع میں تقریباً پانچ لاکھ تک ہوتا تھا پھر آخر میں یہ سات لاکھ روپے تک پہنچا، اب اسے سات سے دس لاکھ روپے تک لے کر جا رہے ہیں اور پورے ملک میں یہی scheme ہے۔ آپ جو فرما رہے ہیں کہ غریب طبقہ ہے، مزدوروں کی آپ نے بات کی ہے کہ انہیں اس health safety net میں لایا جائے تاکہ انہیں آٹھ لاکھ روپے تک سرکاری ہسپتالوں میں quality علاج مفت دیا جا سکے۔

جناب والا! اب ہم directly pricing کے معاملے پر آتے ہیں۔ آج ایک question میں بھی یہ raise ہوا، مشاہد صاحب نے اور محترم دوستوں نے اس پر comments کیے تو میں نے اس پر ایک وضاحت آپ کے سامنے رکھی کہ یہ جو پالیسی ہم لے کر چل رہے ہیں اس میں reforms کر رہے ہیں، اس میں بہتری لا رہے ہیں اور اس کے لیے ہم نے کچھ steps بھی لیے ہیں لیکن جہاں سے بنیاد پڑی جیسے ہمارا آئین میں بنیاد 73 کا آئین ہے اور اس کے بعد اس میں مختلف ترامیم آتی رہیں تو یہ جو موجودہ drug policy ہے basically اس کی 22 مئی، 2018 کو Cabinet سے approval آئی اور اس کا notification, Interim

Governmentمیں آیا تو جو drug regulatory policy تھی جس کو آپ نےCPIکے ساتھ connectکیا تھا یہ میاں صاحب کے دور میں بنی تھی اور ظاہر ہے انہوں نے اس دور میں اس کو مناسب سمجھا اور اس کے بعد Supreme Court of Pakistan in their esteem wisdom had taken notice of these issues alsoاور ان کی directionsبھی شامل رہی ہیں کہ آپ کوشش کریں کہ اس کو کم سے کم سطح پر لائیں تاکہ عام آدمی کو کم قیمت پر دوائیں مل سکیں اور وہ trendمیں آپ کے سامنے رکھوں گا۔

یہاں پر معزز سینیٹر مشتاق صاحب نے بات کی کہ 200 فیصد تک قیمتیں بڑھیں تو ہو سکتا ہے کہ کچھ دوائیوں میں قیمتیں بڑھی ہوں لیکن جو figuresہیں میں وہ آپ کے سامنے رکھ دیتا ہوں کہ 2018 میںPML(N)کے دور میں جب یہ پالیسی آئی اس کے بعد سے یہ prices increaseہوئی ہیں اور میں آپ کو بتا دیتا ہوں کہ 2016 میںincrease 2.86% ہوا جس میں scheduled drugs 1.43% تھے اور non-scheduled drugs 2% تھے۔ جنوری 2018 میںCPI basis indexکے تحت increase 4.16% ہوا اور پھر بات financial issuesکی طرف چلی جائے گی جو کہ debatableہے ہم ایک اور بات کرتے ہیں مشاہداللہ بھائی کی جماعت ایک اور بات کرتی ہے لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ جس طریقے سے آپ لوگوں کی گورنمنٹ میں اسحاق ڈار صاحب نے ڈالر کو maintainکیا ہم اس سے agree نہیں کرتے حالانکہ ان کی اپنی حکومت کے آخری سال میں مفتاح اسماعیل صاحب نے آکر اسے reverseبھی کیا۔ جس طریقے سے انہوں نے اس وقت کی fiscal policy چلائی لیکن چونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ آپ نے ڈالر کو artificial bubbleمیں رکھا تو اس وجہ سے اگر آپ اس وقت اسے dollar fluctuation and 3.29% originally market index پر رکھتے تو maintenanceکو آپ State Bankسے ادھار لے کر نہ کرتے تو یہ ہو سکتا ہے کہ اسی طرح سات، آٹھ فیصد آپ کی بھی ہوتی لیکن اگر آپ دیکھیں تو وہ بھی gradually increaseہوئی ہے۔ 2016 میں% 2.86 تھا اور پھر حضور والا! جولائی 2018 میں 3.92% پر گیا پھر 2019 میں 7.34% پر چلا گیا۔ اس میں جو طریقہ کار ہے وہ یہی ہے کہ ان کی طرف سے increaseآتا ہے جو کہ CPIکے ساتھ connectedہے وہ DRAPکے پاس آتی ہے اور پھر

وہ اسے allow کرتا ہے۔ یہاں پر کچھ prices increase ہوئی ہیں جس سے میں انکار نہیں کر رہا لیکن میں نے یہاں پر شروع میں آپ کے گوش گزار کیا اور دوبارہ I would say at the cost of repeating myself کہ یہ جو figures ہیں مجھے اس سے بالکل انکار نہیں ہے کہ 889 basic drugs میں سے 446 کی قیمتیں increase ہوئیں لیکن ہم نے 360 decrease کیں جن میں سے 89 generic drugs تھیں جس میں نیچے آکر اس کے تقریباً ڈھائی سو کے قریب drugs بن جاتے ہیں۔ تو جو قیمتیں ہم نے 360 سے 400 کے قریب کم کیں اور یہ کم کرنا ہمارے بہت سارے دوستوں کو feasible نہیں تھا اور پھر they then took up to the Court وہ سندھ ہائی کورٹ چلے گئے اور maximum cases وہاں چلے گئے اور آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ اس میں سے maximum cases کی petitions washout ہو گئیں کہ جب حکومت پاکستان نے 360 سے 400 کے قریب دوائیوں کی قیمتیں کم کیں اور ان کے مالکان انہیں سندھ ہائی کورٹ میں لے کر گئے اور ان کی petitions وہاں سے crash ہو گئیں، dismiss ہو گئیں اور وہ اس میں سے چند پر اب سپریم کورٹ میں آ گئے ہیں لیکن وہاں سے reject ہو گیا ہے۔ یہاں پر محترمہ نے ایک بات کی ہے کہ آپ نے بلاجواز اس کو increase کیا ہے اور کچھ دوستوں کے نام بھی لیے کہ برکی صاحب ہیں تو وہ آج سے نہیں بلکہ جو مجھے یاد پڑتا ہے کہ 2018 میں جب ہماری گورنمنٹ آئی تو health system reforms کرنے کے لیے انہیں خان صاحب لے کر آئے اس کے اچھے نتائج بھی آئے لیکن جو برکی صاحب ہیں وہ پاکستان کی خدمت کرنے کے لیے آتے ہیں کسی اسمبلی وغیرہ میں نہیں بیٹھتے، کوئی privilege نہیں لیتے جہاز کے ٹکٹ کی payment خود کرتے ہیں وہ سرکار سے کوئی تنخواہ اور مراعات نہیں لیتے، گاڑی یا پٹرول کی مد میں کچھ بھی نہیں لیتے وہ اپنا سارا خرچہ خود کرتے ہیں اور وہ یہاں آکر آپ کو contribute کر رہے ہیں۔ آپ کا ایک brain ہے جو باہر بیٹھا ہے اور آپ کی مدد کرنے آتا ہے اور وہ Pakhtunkhwa میں اچھی changes لے کر آئے ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ price issue سے برکی صاحب کا کوئی تعلق نہیں ہے کیونکہ Barqi Sahib is not in touch with higher up یا جو بھی ادھر سسٹم ہے انہوں نے تو ہیلتھ کے شعبے میں help کرنے کی کوشش کی ہے اب جہاں تک محترمہ نے بات کی ہے۔۔۔

Mr. Deputy Chairman: Minister Sahib! I think the question is that are you in favour of this 10% increase or not?

جناب علی محمد خان: جناب! میں اسی کا جواب دے رہا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ نے ایک پورا version تو دے دیا لیکن Calling Attention اس چیز کا ہے۔

جناب علی محمد خان: میں conclude کرتا ہوں۔ میں نے شروع ہی میں یہ عرض کیا اور دوبارہ یہ کہنا چاہتا ہوں کہ کوئی بھی حکومت اپنی مرضی سے دوائیوں کی قیمتیں نہیں بڑھاتی اور اس میں یہ increase نہ چاہتے ہوئے ہوا ہے جو کہ essential drugs 7% میں ہوا ہے اور 10% non-essential drugs میں ہوا لیکن جو یہاں سینیٹر مشتاق صاحب نے بات کی کہ سب میں 200 فیصد ہوا تو ایسا نہیں ہے ایک بڑی ہی اہم بات۔۔۔۔

Mr. Deputy Chairman: Are you willing to review these prices?

جناب علی محمد خان: جناب! بس دو باتیں۔ جو یہاں سینیٹر صاحبہ نے PMDC پر بات کی ہے تو جس وقت سوال ہو رہا تھا شائد یہ اس وقت موجود نہیں تھیں اور اس کا جواب ہم دے چکے ہیں۔ سپریم کورٹ کی اپریل کی judgment کے مطابق PMDC اب اپنی اسی حالت میں کام کر رہی ہے ہاں ہم اس میں reforms لانے کی کوشش کر رہے تھے جیسا کہ کوئی بھی حکومت سمجھتی ہے کہ اسے reform ہونا چاہیے اور اس میں ہماری legislation بھی موجود ہے and may be that goes to a Joint Session اور پھر وہاں پر اسے دیکھیں گے۔ جہاں تک آپ نے review کی بات کی تو دو باتیں ہیں، ایک تو یہ COVID کا ٹائم ہے اور مجھے کل Health Ministry نے بتایا ہے کہ یہ ابھی بھی active نہیں ہوں گے اور دو ڈھائی ماہ کے بعد شائد ان کی increase ہو گی اور ابھی اسے increase نہیں کر رہے لیکن جہاں تک review کا تعلق ہے تو ہم ہر ممکن کوشش کریں گے کہ اسے review کیا جائے اور کوشش کر کے اسے نیچے لایا جائے لیکن ہماری کچھ مجبوریاں ایسی ہیں جو کہ market driven ہیں اور اس کے مطابق اس میں increase کرنا پڑتا ہے۔ لیکن دوبارہ میں یہ بات کہوں گا کہ یہ جو پالیسی آئی ہے یہ پالیسی ہماری بنائی

ہوئی نہیں ہے بلکہ مسلم لیگ نواز کے دور کی بنی ہوئی ہے یہ 22 مئی 2018 کو بنی تھی لیکن باہر حال ان شاءاللہ ہم اس میں بہتری لانے کی کوشش کریں گے۔

Mr. Deputy Chairman: Calling Attention Notice is disposed of.

میں یہ لے لوں اس کے بعد آپ بول لیجئے گا I am here

(مداخلت)

Mr. Deputy Chairman: Do you mind if it goes to the Health Committee?

جناب علی محمد خان: کیوں نہ جائے جی بالکل آپ اسے وہاں بھیج دیں۔

Mr. Deputy Chairman: Referred to the Health Committee. Order No. 6.

سینیٹر مشاہداللہ خان: آپ نے ادھر ہی سارا ٹائم دینا ہے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: مشاہد صاحب! پہلے میں ایجنڈا لے لوں پھر آپ جو چاہیں بات کر لیجئے گا یہ میری آپ سے request ہے۔

سینیٹر مشاہداللہ خان: دیکھیں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ اصل بات نہیں کرتے اور یہ میں نہیں کہہ رہا میں یہ ریکارڈ کی بات بتانے لگا ہوں آپ سنیں، سنیں۔ ان کے جو پچھلے Health Minister تھے اس کے بارے میں اس وقت کی Information Advisor, Firdous Ashiq Awan نے یہ کہا کہ ہم نے corruption charges پر اسے ہٹا دیا ہے اور یہ اس نے publically کہا تھا۔ وہ بعد میں ہٹ گئیں اور آپ میں بچا ہوا تو کوئی بھی نہیں ہے اللہ کی مہربانی سے سارے ہی ہٹیں گے، کسی کو کوئی ہٹائے گا اور کسی کو کوئی ہٹائے گا۔

جناب چیئرمین: مجھے یہ last agenda item لے لینے دیں اس کے بعد اگر آپ بول لیں، پھر اذان ہو جائے گی۔

سینیٹر مشاہداللہ خان: اذان ہو جائے گی، میں اسی لیے کہہ رہا ہوں کہ انہوں نے یہ دوائیوں کی قیمتیں بڑھا کر بڑی زیادتی کی ہے بلکہ ہر چیز کی قیمت بڑھا دی ہے اور یہاں پر یہ point scoring کرتے ہیں۔ یہ نکمے اور نالائق ہیں یہ کیا بات کر رہے ہیں؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: مشاہد صاحب! ذرا aviation کا matter لے لیں کیونکہ ہمارے کافی ممبر اس پر بولنا چاہ رہے ہیں۔ آپ اس کے بعد بات کر لیجئے گا۔ Please میری request ہے آپ اس کے بعد کر لیجئے گا۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: انہوں نے BRT میں لوہا supply کیا ہے ناں جس کی وجہ سے وہ نہیں بنی، وہ اسی سینیٹ کے ممبر ہیں اور ہر جگہ تماشا کیا ہوا ہے۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you Mushahid Sahib. Order No.6. There is a Calling Attention Notice at Order No. 6 in the names of Senators Muhammad Javed Abbasi, Mian Raza Rabbani and Mir Kabir Ahmed Muhammad Shahi. Please raise the matter.

Calling Attention Notice by Senator Muhammad Javed Abbasi and others regarding issue of ban on PIA operation

Senator Muhammad Javed Abbasi

سینیٹر محمد جاوید عباسی: آپ نام لیں۔ شکریہ۔ میں چاہ رہا تھا کہ میرا mic on کر دیں، مہربانی کے on ہو گیا۔

Attention of the Minister for Aviation is drawn towards the issue of a ban on PIA to operate in the European Union and other countries due to careless, irresponsible and unprofessional handling of the matter of the dubious, fake licenses of the PIA pilots by the government which has caused severe financial damages to the airline and brought shame to the country as well.

جناب چیئرمین! آپ کے بہت مشکور ہیں یہ ایک Calling Attention Notice تھا جو دو دن پہلے بھی ایجنڈے پر آیا تھا لیکن منسٹر صاحب out of station تھے اس لیے آج کے دن کے لیے اسے ایجنڈے پر رکھا گیا، رضا ربانی صاحب اور میر کبیر شہی صاحب بھی اس پر بات کریں گے۔

جناب والا! یہ اس لیے بہت ضروری تھا کیونکہ وزیر صاحب نے ایک statement جو قومی اسمبلی میں انہوں نے دی تھی، اس کے بعد تمام دنیا کی airlines میں یا اس سے وابستہ اداروں میں ایک بہت بڑی controversy شروع ہو گئی تھی۔ اس میں جو باقی issues تھے وہ تو discuss ہو گئے ہیں لیکن ان میں سے ایک بات یہ بھی تھی کہ شاید پاکستان سے 260 pilots ایسے ہیں جن کے license fake ہیں۔ جب یہ تعداد دی گئی تو یہ one out of three بنتی ہے اور 30% کل pilots کی تعداد کا بنتا ہے کیونکہ اس وقت اگر پاکستان کے تمام pilots کی تعداد دیکھیں تو وہ اس وقت 860 pilots ہیں جو پاکستان کے اندر اور پاکستان سے باہر دیگر airlines میں کام کر رہے ہیں۔ اگر پاکستان کے 30% pilots جن کی تعداد 260 بنتی ہے، ان کے license fake ہیں اور پھر یہ اتنی بڑی controversy ہے جو دنیا نے دیکھی ہے کہ یہ واحد وقت تھا جب پاکستان پر BBC and CNN نے programme کے ہیں۔ انہوں نے یہ کہا ہے کہ یہ ملک دنیا کا ایک ایسا ملک ہے جس میں ... ,pilot جناب چیئرمین! آپ خود بھی ایک pilot ہیں اور آپ اس چیز کو ہم سے بہتر جانتے ہیں۔ اس ایوان میں شاید کوئی اور بھی pilot ہو لیکن مجھے آپ کے بارے میں علم ہے کہ آپ اس معاملے کو بہت اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں اور آپ کا license بھی valid ہے، جو کہ مجھے کہیں سے خبر ملی ہے اور اللہ کرے کہ ایسا ہی ہو۔ اس لیے میں کہتا ہوں کہ آپ کو اس بات کی زیادہ سمجھ ہے کہ دنیا میں اگر ایک بھی ہوتا یا پانچ ہوتے یا بیس بھی ہوتے تب بھی جس طرح بات کی گئی ہے، دنیا کے کان کھڑے ہو جاتے اور دنیا ہمارے بارے میں سوچتی کہ وہ ملک جو ایک نیوکلیئر طاقت رکھتا ہے، جو 22 کروڑ لوگوں کا ملک ہے، وہ ایئر لائن جو دنیا کی بہترین ایئر لائنوں میں شمار ہوتی تھی، وہ ایئر لائن جس نے بہت ساری ایئر لائنوں کو کھڑا کیا، میرے پاس اس وقت ان کی تفصیل نہیں ہے، ویسے ہماری ایئر لائن کی تاریخ ماضی میں اتنی اچھی بھی نہیں تھی کہ میں کہوں کہ ہمارے وقتوں میں یا ہم سے پہلے کے وقت میں بہت قابل تحسین تھی جو آج نہیں ہے۔ اس وقت بھی پی آئی اے کے issues ضرور تھے لیکن اس statement نے دنیا بھر میں ہمارے لیے بہت serious concerns کھڑے کر دیے ہیں۔

جناب چیئرمین! recent history میں، میں نے ابھی مشاہد حسین سید صاحب سے پوچھا ہے، وہ ماشاء اللہ history کے بہت اچھے طالب علم ہیں اور history پر بہت گہری نظر رکھتے

ہیں اور دنیا میں بہت زیادہ travel بھی کرتے ہیں، میں نے ان سے پوچھا کہ دنیا کی recent history میں کوئی ایسا ملک ہے آپ کی نظر میں جس نے کسی دوسرے ملک کی ایئرلائن کو اس طرح suspend کیا ہو اور ان پر پابندی لگادی گئی ہو کہ آپ کے ملک کی ایئرلائن ہمارے ملک میں land نہیں کر سکتی۔ انہوں نے جواب دیا کہ میری نظر سے recent history میں ایسا کوئی case نہیں گزرا۔ آپ بھی pilot ہیں، آپ بھی شاید اس معاملے کو جانتے ہوں۔ یہ پاکستان کا تماشا لگادیا ہے۔ ریاست پاکستان پر سوال اٹھ رہے ہیں۔ ہمارے بارے میں دنیا سوچ رہی ہے کہ یہ کیسا ملک ہے کہ جن کے pilot اتنے عرصے سے پاکستان اندر بھی اور پاکستان سے باہر بھی مختلف ایئرلائنوں کے جہاز operate کرتے رہے ہیں۔ ان کے پاس تو وہ valid document ہی نہیں تھا جس کی بنیاد پر وہ pilot بنے اور ان کے پاس valid license ہی نہیں تھا، ان کے پاس fake licenses تھے۔ وہ کس طرح مختلف ایئرلائنوں کے جہاز operate کرتے تھے۔ یہ واحد profession ہے جس کے بارے میں سب سے زیادہ check رکھا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ جو Air Force کی entry ہوتی ہے، اس میں تو pilot کا تھوڑا کام ہوتا ہے لیکن یہاں پر تو اس لیے زیادہ check رکھا جاتا ہے کیونکہ ان پر ذمہ داری زیادہ ہوتی ہے اور انہوں نے لوگوں کو لے کر جانا ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین! Civil Aviation ایک بہت بڑا ادارہ ہے اور یہ ایک زمانے سے ہمارے ملک میں بھی کام کر رہا ہے۔ یہ جو اتنی بڑی زیادتی ہوئی ہے کہ یہاں پر کوئی بھی بشمول میرے کسی بھی pilot کو defend کرنے کے لیے تیار نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اگر کسی نے جرم کیا ہے، اگر اس کے پاس جعلی لائسنس تھا، اس نے ملک کے قانون کی خلاف ورزی کی ہے تو اس میں ایک بات تو یہ ہے کہ وہ خود بھی اس میں ملوث ہوگا اور دوسرا یہ ادارہ بھی اس میں ملوث ہے جو لائسنس جاری کرتا تھا، جو Licencing Authority تھا۔

جناب چیئرمین! یہ کسی بھی سیاسی دباؤ پر کسی کو لائسنس جاری نہیں کر سکتے، یہ میرے اور آپ کے کہنے پر بھی جاری نہیں کر سکتے، یہ جو وزیر ہوابازی بیٹھے ہوئے ہیں، میں ان کا بڑا احترام کرتا ہوں، میرا ان کے ساتھ ذاتی تعلق بھی ہے، ان کے کہنے پر بھی Civil Aviation کسی کو جعلی لائسنس جاری نہیں کر سکتا، یہ کوئی ایسا آسان کام نہیں ہے کہ سیاسی دباؤ پر کسی کو جعلی لائسنس جاری کر دیا جائے۔ اگر تو یہ جعلی لائسنس جاری ہوئے ہیں، اس کا مطلب ہے کہ Civil Aviation Authority

نے ان لوگوں کے ساتھ بہت بڑے بڑے سودے کیے ہوں گے۔ باقی کام اس طرح ہو سکتے ہیں، پی آئی اے میں یا Civil Aviation Authority میں کوئی اور نوکری تو مل سکتی ہے۔ یہ ہو سکتا ہے کہ پی آئی اے میں یا Civil Aviation میں سفارش تبادلہ ہو جائے۔ جناب چیئرمین! آپ اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ اگر ساری حکومت بھی مل جائے تو کسی کو جعلی لائسنس جاری نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی ایسا ہوتا ہے۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ جن لوگوں نے یہ لائسنس جاری کیے ہیں وہ بھی اتنے ہی ذمہ دار ہیں، ان کے خلاف آج تک کیا کارروائی ہوئی ہے؟

میں اپنے اگلے سوالوں میں یہ بھی پوچھوں گا کہ یہ کون لوگ تھے جو مختلف ادوار میں جعلی لائسنس جاری کرتے رہے؟ جب کوئی driving license بھی issue ہوتا ہے، کوئی اسلحہ لائسنس بھی issue ہوتا ہے، اس کے لیے بھی پوری کارروائی کی جاتی ہے اور تمام ریکارڈ درکار ہوتا ہے اور وہ کسی وقت بھی check ہو سکتا ہے۔ یہ بالکل اسی طرح ہے جس طرح یونیورسٹیوں میں ڈگریوں کا ریکارڈ ہوتا ہے۔ یہ کون سا ادارہ ہے جو یہ کام کرتا رہا ہے؟ پھر آج کے بعد اس ادارے کی کیا عزت رہ جاتی ہے؟ اگر واقعی ان کے لائسنس جعلی تھے تو ان اداروں کے خلاف بھی کارروائی ہونی چاہیے، جو اس میں ملوث تھے۔ کیا صرف یہی طریقہ رہ گیا تھا جس کی وجہ سے پوری دنیا میں ہماری ایئر لائن پر ban لگ جائے اور اس ملک کا تماشا لگ جائے؟ ہو سکتا ہے کہ وہ لائسنس ٹھیک بھی ہوں لیکن جس نظر سے دنیا نے اس کو دیکھا ہے، اس وجہ سے ہماری ایئر لائن پر اور ہماری ریاست پر اتنے serious questions اٹھے ہیں، جن کو صاف کرنے میں بہت وقت لگے گا۔

جناب چیئرمین! 164 Pilots اس وقت پاکستان سے باہر ہیں، وہ دنیا کے مختلف ممالک کی ایئر لائنوں میں کام کر رہے ہیں۔ یہ وہ تعداد ہے جو پاکستان میں ہیں۔ ہمیں نہیں معلوم کہ ان کے ساتھ دنیا میں کیا سلوک ہو رہا ہو گا؟ وہ یہی سمجھ رہی ہو گی کہ ان کے ملک میں جب جعلی لائسنس والے موجود ہیں تو جو ان کے پاس کام کر رہے ہیں، ان کے پاس بھی جعلی لائسنس والے pilots ہوں گے۔ ان کے مستقبل کا کون ذمہ دار ہو گا؟ ان میں سے کسی کی بیس سال نوکری ہو گی، کسی کی دس سال ہو گی اور مجھے نہیں معلوم کہ وہ pilots بھی ان 164 pilots میں شامل ہیں یا نہیں؟ پھر ابھی 96 licenses Civil Aviation Authority نے clear کیے ہیں اور انہوں نے کہا ہے کہ ان کے documents دیکھے ہیں اور ان کے license clear ہیں۔

جناب چیئرمین! International Air Transport Association نے پاکستان کی International Air Lines سے متعلق اپنے serious concerns show کیے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ وہ ادارہ ہے جو دنیا میں Air Lines کے business پر نظر رکھتا ہے، انہوں نے کہا ہے کہ کیا کوئی ایسا ملک ہو سکتا ہے جس ملک میں ایسا کام ہو رہا ہو۔ لہٰذا انہوں نے بھی بہت concern show کیا ہے۔ USA کی ایک National Regulatory Body نے بھی ہماری safety ranking کو two میں ڈال دیا ہے۔ مجھے امید ہے کہ وزیر صاحب اس پر بھی respond کریں گے۔ ایسا نہیں ہے کہ صرف کچھ ممالک نے یہ کام کیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: عباسی صاحب! اب آپ conclude کر لیں کیونکہ ابھی اور بھی speakers رہتے ہیں۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی: جناب والا! سیکرٹری صاحب کو معلوم ہونا چاہیے کہ rules کے مطابق مجھے کتنا وقت ملتا ہے؟ دس منٹ ملتے ہیں۔ ابھی تو صرف چار منٹ ہوئے ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: I know, but here everybody is a mover.

سینیٹر محمد جاوید عباسی: اس کے ہم تین movers ہیں اور ہم تینوں کو ہی اتنا وقت ملنا چاہیے۔ بہر حال میں مختصر بات کروں گا کیونکہ باقی دوستوں نے بھی بات کرنی ہے۔

جناب چیئرمین! میرے تین، چار سوالات ہیں جو میں پوچھوں گا اور چونکہ وزیر صاحب آج یہاں پر موجود ہیں اس لیے چاہوں گا کہ وہ ان کا جواب دیں۔ ایک تو وزیر صاحب ہمیں یہ بتا دیں کہ جو پاکستان کی ایئر لائن ہے یعنی پی آئی اے، اس کا operation کن کن ممالک میں suspend کر دیا گیا ہے؟ اور ان کی suspension کب تک رہے گی؟ ابھی انہوں نے بات کی ہو گی اور ان کو بتایا گیا ہو گا کہ ان کی suspension اتنے عرصے تک رہے گی۔ اس کے بعد حکومت جا کر کچھ clearance دے گی کہ ہمارے pilots کے لائسنس ٹھیک ہو گئے اور ہمارا نظام ٹھیک ہو گیا ہے۔ Civil Aviation بدل گئی ہے۔ وہ کس طرح ان کو اختیار دیں گے کہ جا کر operation جاری کر سکیں۔

جناب چیئرمین! exact 262 pilots ہیں جن کے لائسنس fake ہیں۔ جس ادارے نے یہ لائسنس جاری کیے ہیں اس وقت وہاں پر جو لوگ کام کر رہے تھے ان کے خلاف اب تک کیا action لیا گیا ہے؟ یہ قطعی طور پر کوئی سیاسی معاملات نہیں ہیں۔ یہ ایک administrative معاملہ ہے اور اس کو سیاسی رنگ نہیں دیا جا سکتا۔ میں پھر اپنی بات کو دہراؤں گا کہ آج کے Civil Aviation کے Minister کے کہنے پر بھی کوئی لائسنس جاری نہیں کر سکتا۔ لہذا یہ سیاسی معاملات سے وابستہ نہیں ہے۔ عزت اور بے عزتی اس معاملے میں ہم سب کی ہے۔ یہ Airline خرابیوں کے باوجود بھی پاکستان کی Airline ہے اور ہم سارے اس میں travel بھی کرتے ہیں۔ ہم ہمیشہ اس Airline کی بہتری کے لیے سوچتے ہیں۔

جناب چیئرمین! Civil Aviation Authority کے منسٹر صاحب سے میرا یہ بھی سوال ہے کہ انہوں نے ایک letter issue کیا ہے۔ اس letter کے اندر انہوں نے کہا ہے کہ نہیں، شاید سینیٹ کی Standing Committee کے سامنے وہ پیش ہوئے تو انہوں نے یہ plea لی ہے کہ جو لائسنس آج تک ہم نے issue کیے ہیں وہ fake نہیں ہیں۔ لہذا یہ 262 لائسنس جو ہیں کیا وہ لائسنس fake ہیں جس طرح آپ نے کہا ہے کہ Civil Aviation نے جو position ابھی لے لی ہے وہ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! آخری سوال ہے کہ جو Supreme Court of Pakistan میں۔۔۔۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان جمعہ سنائی دی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: عباسی صاحب! Conclude کریں۔ 18 منٹ آپ نے لے لیے ہیں۔ منسٹر صاحب کے پاس جواب دینے کے لیے وقت نہیں بچے گا۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی: میں بالکل conclude کر رہا ہوں۔ جناب چیئرمین! میں آخری بات کرنا چاہتا ہوں کہ Supreme Court of Pakistan میں جو رپورٹ پیش ہوئی ہے وہ judgement جو ابھی آئی ہے کیا منسٹر صاحب بتانا پسند کریں گے کہ سپریم کورٹ نے جو کہا تھا اور وہاں پر جو plea لی گئی تھی۔ کیا یہ plea لی گئی ہے کہ یہ لائسنس جعلی تھے یا وہاں پر یہ plea لی گئی ہے کہ لائسنس تو ٹھیک تھے لیکن ان کے پاس جو ڈگریاں ہیں ان میں کوئی غلطی تھی۔ بہت شکریہ۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Senator Mian Raza Rabbani.

Senator Mian Raza Rabbani

سینیٹر میاں رضا ربانی: شکریہ۔ جناب چیئرمین! بغیر کوئی تمہید باندھتے ہوئے میرے چند سوالات ہیں جو میں منسٹر صاحب کے سامنے آپ کے توسط سے رکھنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین! میرا پہلا سوال یہ ہے کہ کیا یہ درست ہے کہ اس سے پہلے کہ لائسنس کا issue جو اٹھا تھا European Union on Aviation Safety Agency نے raise کیا تھا۔ 2 ,Total 6 level کی findings pursuant to Article 230 of part 8 of the Act. (B) اس کے ساتھ ساتھ جناب چیئرمین!

for all the findings PIA proposed creation action plan which was accepted by the EASA following the revive of evince of implementation of the agreed caps 5 findings were closed. For the remaining findings, which were related to Safety Management System, the agreed caps despite in extension of implementation period was not made. So,

اس سے پہلے 6 issues raise کیے گئے تھے۔ 6 میں سے 5 کو PIA نے negotiate کیا تھا۔ Flight Safety کا جو issue تھا وہ باقی تھا اس میں extension دی گئی تھی لیکن وہ پھر بھی پورا نہیں کیا گیا۔

سوال نمبر دو۔ کیا یہ درست ہے کہ اس کے نتیجے میں EASA نے level 2 finding کو escalate کر دیا تھا level one کے اندر اور اس کی deadline June 17, 2020 تک دی تھی؟

جناب چیئرمین! پھر تیسرا سوال یہ ہے کہ کیا یہ درست ہو گا کہ اگر اس مفروضے پر ہم آئیں کہ جو unfortunate crash کراچی میں ہوا اس کو دراصل PIA management flight safety سے متعلق چیزیں جو کہ انہوں نے پوری نہیں کی تھیں، compliance نہیں

کی تھیں، اسے cover up کرنے کے لیے استعمال کیا گیا اور 17 جون کو in any case ان کی deadline complete ہو رہی تھی؟

سوال نمبر 4۔ کیا یہ درست ہے کہ یہ information جو کہ میں نے ابھی دی ہے یہ EASA Letter dated 26th June, 2020 جو انہوں نے PIA کو لکھا ہے، اس کے background material میں یہ تمام تر چیزیں درج ہیں؟

سوال نمبر 5۔ کیا یہ بات درست ہے کہ حکومت جو بات کرتی ہے کہ پاکستان کو disclosure سے صرف embarrassment cause ہوئی ہے لیکن درحقیقت یہ اقدام اس لیے اٹھایا گیا تھا کہ PIA کو جان بوجھ کر ایک total collapse situation کی طرف لایا جائے اور پھر اس کی privatization کر دی جائے؟ میرا منسٹر صاحب سے یہ بھی سوال ہے کہ کیا یہ درست ہے کہ because of the ban, roundabout Rs.90 billion shortfall of revenue during the Financial Year ہو گا؟ لہٰذا یہ سوال صرف embarrassment کا نہیں ہے بلکہ PIA کا roughly 90 billion کا shortfall ہو گا؟

سوال نمبر 6۔ کیا یہ درست ہے کہ PIA, COVID کی وجہ اور اس سال Hajj operations نہ ہونے کی وجہ سے پہلے ہی سے خسارہ face کر رہی ہے؟

سوال نمبر 7۔ کیا یہ بات درست ہے کہ جو disclosure تھا وہ deliberate تھا تاکہ PIA کو financially as is, where is basis پر coronies کو privatize کر دیا جائے؟

Q. No.8. Is it correct that the only licensing authority for the pilots is CAA and there is no other organization that has any control or say in the process?

Question No.9. Is it correct that the problem started in 2012 when the CAA made changes in the examination system and pilots were required to give 7 to 8 papers until then flying hours had to be counted as being of greater value and the requirement was

essentially English and a matric certificate and flying hours.

سوال نمبر10، کیا یہ بات درست ہے

that there is an admission by the CAA that its computer system was accessed?

سوال نمبر11، کیا پھر یہ سوال نہیں اٹھتا کہ CAA کے اندر کس نے پیسے بنائے۔

سوال نمبر12، کیا یہ sufficientہے کہ صرف تین یا چار لوگوں کو CAA کے اندر responsible hold کیا جائے جبکہ CAAکے تمام DGs جو2012 سےonwardتک چلتے رہے ان کو حکومت accountable holdکیوں نہیں کر رہی؟

Question No.13, is it correct that large scale retrenchment of pilots and other staff in the PIA is being done with an ulterior motive. Essential Services Act has been enforced in PIA as such PALPA and other trade unions have been banned on 8th June, 2020 immediately after the unfortunate air crash, the CEO briefed the Prime Minister and spoke about retrenchment of employees and how he needed a blanket law to do away with the court cases that are taking place.

کیا یہ بات درست نہیں ہے کہ اسی میٹنگ کے اندر CEO نے وزیر اعظم سے یہ بھی کہا کہ پی آئی اے کے trillion of rupeesکے اثاثے ہیں اور ان اثاثوں کو فروخت کرنے کی ضرورت ہے؟

سوال نمبر14، کیا یہ درست نہیں ہے کہ جو باتیں CEO نے وزیر اعظم کی میٹنگ میں کیں، ان کو translate realityمیں کرنے کے لئے Cabinet Committee on Privatizationنے یہ فیصلہ کیا کہ Selling of Roosevelt Hotelہونی چاہیے یا اس کو partnershipمیں runکرنا چاہیے۔ پھر قومی اسمبلی میں یہ بات کہی گئی کہ ڈونلڈ ٹرمپ اس ہوٹل میںinterestedہے۔

جب ابھی تک Financial Advisors مقرر نہیں ہوئے، جب ابھی تک Privatisation Committee نے کوئی process set in motion نہیں کیا تو How did Donald Trump or his Son-in-Law express an interest in the purchase of Roosevelt Hotel یہ ایک بڑا بنیادی transparency کا سوال یہاں اٹھتا ہے۔

دوسری بات چلتے چلتے Roosevelt ہوٹل کی privatization کی نہ کابینہ منظوری دے سکتی ہے ، نہ اس کی منظوری Cabinet Committee on Privatization دے سکتی ہے۔

Roosevelt Hotel falls under Federal Legislative List, part-2 because it is an organization which is run under a Federal Statute and all organizations run under a Federal Statute fall under the Council of Common Interests. therefore, the privatization, if at all, of Roosevelt has to be okayed by the Council of Common Interests and not by the Cabinet and not by the Privatization Committee.

سوال نمبر 15، کیا یہ بات درست ہے کہ

Report of the Standing Committee on Defence, Senate of Pakistan dated 24-02-2005

سے لے کر ان کی meetings متواتر ہوتی رہیں 10-11-2008 تک اور انہوں نے reservations express کیں

on the sale of the Hotel and is the Government bypassing those findings of the Standing Committee on Defence Senate?

سوال نمبر 16، کیا یہ بات درست ہے، یہ بات میں کر چکا ہوں سی سی آئی کی،

Question No.17, Is it correct that there is a fear that a vacuum created by the retrenchment of pilots will be

filled by Shaheen Air Pilot and Pilots to be recruited from the Pakistan Air Force?

سوال نمبر18۔کیایہ بات درست ہے کہ

Alleged fraudulent licenses Matter as exposed by the Minister has been contradicted by the DG(CAA) in his letter, is this not a contradiction between the Minister and the Secretary because the D.G.(CAA) is also the Secretary of the honourable Minister, he is Secretary (Aviation)

توکیایہcontradiction in termsنہیں ہے؟

جناب چیئرمین!آخر میں دو سوال رہ گئے۔سوال نمبر19،

Is it correct that the attempt of the Government to politicise the matter and place the blame on previous governments for recruiting pilots is belied by the facts. According to the reports submitted by CAA, there were five types' of irregularities found during the scrutiny of pilots licenses which were:-

No.1. Pilots have not attempted papers on a scheduled date.

No.2. Pilots have not attempted papers on a scheduled time.

No.3. The CAA examination server has been accessed from different IP addresses.

No.4. The CAA examination server has been accessed by creating different user name and passport and finally,

No.5. Pilots, like logbooks show that, on the scheduled date of the paper pilots were operating flights.

اور یہ وہ پانچ findings ہیں جو CAA نے خود دی ہیں سپریم کورٹ کے اندر اپنی رپورٹ کے ساتھ ساتھ۔ آخر میں جناب چیئرمین،

because I know we are running short of time and the honourable Minister and Mir Kabeer have to talk .

آخر میں، میں صرف یہ کہنا چاہوں گا کہ فاضل وزیر صاحب نے یہ بات کہی کہ CEO of the PIA تبدیل ہوتے رہے اور اب ایک بڑا فعال CEO ہے۔ جناب چیئرمین! آپ کے توسط سے وزیر صاحب کو اس کا علم ہوگا کیونکہ یہ advertisement اخبارات میں چھپا اور یہ advertisement ہے Chief Executive officer for the PIA کا جو چھپا اور یہ اگر Tailor made نہیں ہے تو اس سے زیادہ Tailor made کیا ہو سکتا ہے، وہ میں جاننے سے قاصر ہوں۔ جناب چیئرمین! وہ کہتا ہے

No.1.Education Qualifications, the Pilot possesses, at least, a master degree from a well reputed institute and recognized by the HEC,

Related to science engineering یہاں تک ٹھیک ہے، اور اب سنئے یہ بھی ٹھیک ہے، اب پی آئی اے کے سی ای او کی advertisement ہو رہی ہے، ولید صاحب!, You are Chairman of the committee, پی آئی اے کے CEO کی recruitment ہو رہی ہے اور کیا کہا جا رہا ہے Education qualifications میں کہ war course, یعنی جنگ کے کورس کی ڈگری ان کے پاس ہو یا شپنگ کی ہو، Aviation, PIA, War course, shipping, Naval, Aviation and military operations are related disciplines یعنی عسکریت سے پی آئی اے کا کیا تعلق اور جو آپ qualifications مانگ رہے ہیں اس میں آپ یہ شامل کر رہے ہیں۔ پھر یہ کہا جا رہا ہے کہ work experience, preferably in Aviation, یعنی he is going to head an Aviation industry اور اس کے لئے کہا جا رہا ہے کہ preferably aviation کو وہ جانتا ہو ورنہ اگر وہ وار کورس کا حامی ہے وہ بالکل ٹھیک ہے، وہ آپ بالکل کر لیں۔

آخر میں، میں صرف اتنا کہوں گا کہ

I have all the respect for the minister because he is an elected representative but I have scant respect for those people who have been misusing their offices and I think the minister is being made a scapegoat and, therefore, the last question is that would it not be appropriate particularly in the light of what the observations of the honourable Supreme Court were, would it not be that the DG. C.A.A. should be asked to resign or the Minister should remove him immediately. The CEO, PIA, who in any case is fresh appointment and is under legal cover, because he came on secondment to PIA and his secondment came to an end when he reached of superannuation. So, therefore he has been appointed a fresh and whether the procedure for appointment of a fresh has been followed or not. Whether a simple cabinet approval is sufficient or not is also a question that needs to be answered. Thank you very much.

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر شیری رحمٰن اور کبیر صاحب اگر آپ کے questions address ہو گئے ہیں تو let the Minister answer otherwise.

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: میری بات سن لیں otherwise we can continue the session after *Namaz* and let the Minister reply.

سینیٹر شیری رحمٰن: اس کو کمیٹی میں بھیج دیں۔

سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی: جناب چیئرمین! ہم دس دن سے انتظار کر رہے ہیں، مہربانی کریں دس منٹ نماز کا وقفہ کریں۔ نماز کے بعد میں بات کروں گا، وزیر صاحب کو سارے سوالات کا جواب بھی دینا ہے۔

Mr. Deputy Chairman: Minister sahib, is that ok. with you if we continue after Namaz? This is an issue I think everybody is interested and they want to hear you.

Mr. Ghulam Sarwar Khan: Sir, I have no problem جوآپtime scheduleرکھیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Mondayکو private member dayہے اور ایجنڈا بہت بڑا ہے۔ رضا صاحب-

سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی: جناب والا! آپ کے اوپر منحصر ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں میں تو چاہ رہا تھا کہ آئے ہوئے ہیں، اتنی دیر سے بیٹھے ہوئے ہیں.if he can give us inputجی کبیر صاحب، وزیر صاحب کو سن لیں۔

سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی: جناب والا! میں نے بات کرنی ہے، دس دن پہلے میں نے جمع کروائی ہے۔ ابھی چار منٹ باقی ہیں، کیا چار منٹ میں وزیر صاحب جواب دیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، نہیں، Leader of the House, lets reconvene after the *Namaz*.آپ کی کیا رائے ہے؟

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: جناب والا! میری صرف ایک گزارش ہے جو بھی آپ فیصلہ کریں، وزیر صاحب نےconsentدی ہے کہ جب بھی آپ کہیں گے وہ اس کا جواب دیں گے۔ وہ تشریف لائے ہیں اور جواب دیں گے۔ میری صرف چھوٹی سی گزارش ہے کہ اگر ہم رول کے حساب سے چلتے رہے، جوmoverہیں وہی بات کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Moverہی بات کریں گے.nobody else

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: اپنے وقت کے اندر بات کریں تاکہ تمام معزز ممبران کو مناسب وقت مل جائے اور ایجنڈا آگے چل جائے۔ Rulesکے اندر وقت بھی دیا ہوا ہے کہ کتنا وقت ہے، جس میں ہم نے بولنا ہے۔ تقریروں کے لیے تو ویسے بھی کافی اور toolsبھی ہیں جس پر ہم بات کر سکتے ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: Kabir sahib, then we will meet after *Namaz* again, I think it is better. 1:30 is ok. Thank you. The House will meet again at 1:30. P.M..

(The House was then adjourned to meet again on the same date at1:30.PM)

(وقفہ کے بعد اجلاس جناب ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے زیر صدارت دوبارہ شروع ہوا)

جناب ڈپٹی چیئرمین: منسٹر غلام سرور صاحب if he is in the building please come in the House. سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی صاحب شروع کریں۔

Senator Mir Kabeer Ahmed Muhammad Shahi

سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی: شکریہ، جناب چیئرمین! سینیٹر میاں رضا ربانی صاحب اور سینیٹر محمد جاوید عباسی صاحب نے تو بہت تفصیل سے بات کی اور بہت سے سوالات اٹھائے لیکن میں زیادہ وقت نہیں لوں گا اور simple بات کروں گا۔ میں معزز منسٹر صاحب سے سوال پوچھوں گا کہ بالکل simple نہیں ہے کہ چوبیس تاریخ کو منسٹر صاحب نے جو قومی اسمبلی میں تقریر کی تو میرا Calling Attention Notice لانے کا مقصد بھی یہی ہے کہ یہ کوئی simple بات نہیں ہے کہ ایک تو PIA کے تابوت میں اس دن آخری کیل ٹھوک دی گئی لیکن اس کے باقی ملک پر کیا اثرات پڑے میں سمجھتا ہوں کہ یہ تصور سے بھی باہر ہیں۔ وہ کون سی ضرورت تھی کہ PIA کے issue کو لا کر National Assembly of Pakistan میں address کرنا اور دو سو باسٹھ fake licenses اگر منسٹر صاحب نے کہا، وہ fake ہیں یا نہیں ہیں اس پر نہیں جاؤں گا۔ DG CAA نے بھی اپنی meeting میں کہا کہ وہ licenses fake نہیں ہیں۔ میں وزیر صاحب کی بات کو لوں گا کہ دو سو باسٹھ لائسنس fake تھے آیا کس کے کہنے پر اس issue کو اسمبلی میں raise کیا گیا۔ اس کی وجوہات یہ تھیں کہ شاید PIA کو دفن کر کے اور airline کا بندوبست کیا جا رہا ہے؟ یا کسی کو خوش کرنے کے لیے اس statement کو اسمبلی میں پیش کیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین! ہاں ملکوں میں fake لائسنس ہوتے ہیں not just pilots ہر شعبے میں ہوتے ہیں۔ Students کے fake license ہوتے ہیں۔ یونیورسٹیوں سے fake licenses جاری ہوتے ہیں۔ پارلیمان میں لوگوں کے fake license ہوتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ اس issue کو لا کر قومی اسمبلی میں بیان کر کے کہ PIA وہ ادارہ جس کی لوگ مثالیں دیتے تھے کہ اس نے Emirates Airline بنائی، سعودی airline بنائی اس نے فلاں فلاں airline بنائی لیکن اس کے باوجود آج PIA کو دفن کر دیا گیا کیوں؟ اگر واقعتاً وہ fake لائسنس تھے تو منسٹر صاحب آپ

ان کو دیکھ کر ان کو سزا و جزا کی طرف لے جا سکتے تھے۔ جنہوں نے لائسنس issue کیے تھے آپ ان لائسنس issue کرنے والوں کو سزا و جزا کی طرف لے جا سکتے تھے۔ اس کی کیا ضرورت تھی کہ آپ نے اس کو اسمبلی میں کہا صرف اس لیے کہ نیت یہ تھی کیونکہ میرا تعلق نیشنل پارٹی سے ہے تو نیشنل پارٹی نے PIA میں کوئی بھرتی کرنے کا ہمیں موقع نہیں دیا۔ اگر صرف مقصد یہ تھا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) نے pilots appoint کیے۔ پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن) نے PIA میں بھرتیاں کیں لہٰذا پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کو خوار کرنے کے لیے میں اس statement کو on the floor of the National Assembly جب raise کروں گا تو یہ دو پارٹیاں خوار ہو جائیں گی تو میں سمجھتا ہوں یہ بہت بڑی بھول اور بہت بڑی غلطی ہے۔ ہم مختلف پارٹیاں، مسلم لیگ، پیپلز پارٹی، پی ٹی آئی جو بھی پاکستان میں پارٹیاں ہیں ہاں آپس میں اپنی کمزوریوں کو on the floor of the Senate and National Assembly ضرور discuss کرتے رہے لیکن اس کا قطعاً یہ مقصد نہیں ہے کہ اگر آپ اس گناہ کے لیے ہیں یا نہیں ہیں وہ الگ بحث ہے آپ اس کو قومی اسمبلی میں لا کر بات کرتے ہیں تو اس سے پورے پاکستان کی جگ ہنسائی ہوئی۔ میں کہتا ہوں کہ گھسے پٹے ملک بھی آپ کے pilots کو نکال رہے ہیں میں on the floor of the Senate نہیں بولتا کہ ان کی حیثیت کیا ہے آج وہ بھی آپ کے pilots پر اعتبار نہیں کر رہے ہیں اور اپنے جہازوں سے اتار کر ground کر چکے ہیں۔ امریکہ نے پاکستان کے private chartered جہاز کو بند کر دیا ہے۔ یورپ نے PIA پر پابندی لگائی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ issue جو وہاں پر raise کیا گیا ہے یہ شاید ملک کے لیے بہت بڑے نقصان اور جگ ہنسائی کا باعث بنا۔

جناب چیئرمین! اس کے علاوہ ابھی PIA سے کا بھی اعتبار اٹھ گیا ہے۔ پاکستان میں PIA میں لوگ سفر کرنے سے ڈر رہے ہیں اس کی میں آپ کو مثال دیتا ہوں کہ جب last session ختم ہوا تو میں یہاں سے کوئٹہ جا رہا تھا تو PIA کا بڑا جہاز چودہ دن میں ایک دن جاتا تھا حالانکہ اس سے پہلے PIA کے جہازوں میں ہم کوئٹہ سفر کرتے تھے تو سیٹ نہیں ملتی تھی ہفتہ، دس دن پہلے سیٹ book کرواتے تھے otherwise ہمیں جگہ نہیں ملتی تھی۔ پہلے روزانہ ایک فلائٹ ہوتی تھی no space کوئی سیٹ خالی نہیں ہوتی تھی اب چودہ دن کے بعد ایک جہاز، جس جہاز میں، میں گیا record پر موجود ہے کہ بڑا جہاز تھا اس میں صرف اٹھارہ لوگ تھے۔ اٹھارہ میں ایک میں سینیٹر باقی پانچ ہمارے MNA

صاحبان تھے، چھ ہم ہو گئے اور باقی passengerاور تھے۔ خالی جہاز میں ہم کوئٹہ گئے خیر موسم کی وجہ سے وہ landنہیں کر سکااور کراچی میں landکیا لیکن واپسی پر میں Serene Airمیں آیااور وہ seat by seat fullتھا۔یعنی چودہ دن کے بعد ایک فلائٹ ہوتی ہے اور اس میں بھی لوگ سفر نہیں کر رہے by road سفر کر رہے ہیں۔جناب چیئرمین! by road ہمارا بیس گھنٹے کا سفر ہے۔ بیس گھنٹے کے سفر کو برداشت کر رہے ہیں لیکن ایک خبر کی وجہ سے کہ ہر PIAکا جہاز اڑتا ہے تو گرتا ہے کیونکہ اس کو چلانے والا ایک جعلی اور دو نمبر ڈگری یافتہ ہے۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس ریاست کے جو خیر خواہ ہیں اور آج وزارتوں میں بیٹھے ہوئے ہیں ان کو اس ملک کی کوئی فکر نہیں یا یہ مجھے بتایا جائے کہ کن کے agendasپر کام کر رہے ہیں کیونکہ جو بھی ہو پیپلز پارٹی ہو مسلم لیگ (ن) ہو نیشنل پارٹی ہو، پشتو خواہ ملی عوامی پارٹی ہو جو بھی ہو اس ملک کے تو خیر خواہ ہیں۔ ٹھیک ہے ہمارے آپس کے اختلافات اپنی جگہ پر ہیں لیکن جہاں پر ریاست کے ستونوں کے ہلنے کی بات ہوتی ہے وہاں پر ہمیں احتیاط کرنی چاہیے تھی ہم وہ بھی نہیں کر رہے۔ یہ اتنا simpleنہیں ہے یہ کسی agendaپر کام کیا جا رہا ہے اور اس ملک کے مختلف اداروں کو اس ایجنڈے پر پہنچایا جا رہا ہے۔Not in PIA یہی Steel Millsکے ساتھ ہوا، یہ آج PIAکے ساتھ ہوا اور ابھی جو روز ویلٹ ہوٹل کی جو بات ہو رہی ہے پوری دنیا خبروں کو دیکھ رہے ہیں وہ کہتے ہیں کہ اس کو بیچا جا رہا ہے۔ اس کو ٹرمپ خرید رہا ہے تو جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں موجودہ حکومت اس سلسلے میں PIAکی طرح جو ہمارے ادارے ہیں ان سب کو اس نہج پر پہنچائے گا کہ شاید ان کا اٹھنا پھر پاکستان کی تاریخ میں نہ ہو۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ وزیر صاحب ہمیں بتائیں کہ ان کو floor of the House یہ statement دینے کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ جناب چیئرمین! حالات جس طرح جا رہے ہیں میں دیکھ رہا ہوں کہ ایک دن ہمارا ایک political دوست تقریر کر رہا تھا تو اس نے کہا کہ پنجاب بچاؤ تحریک نکالو۔ میں کہتا ہوں نہیں آج پاکستان کے عوام کو اگر اس ملک کو سنبھالنا ہے تو ملک بچاؤ ریلی نکالیں نہیں تو شاید ہم بہت پچھتائیں گے۔ بہت بہت شکریہ۔

Mr. Deputy Chairman: Senator Sherry Rehman is the last speaker.

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: جناب چیئرمین! یہ Calling Attention Noticeہے۔

Mr. Deputy Chairman: O.k. May be I misunderstood.

Senator Mian Raza Rabbani: What she wanted was the privilege motion that she has moved, if that is under the rules to be sent to the Privileges Committee.

Mr. Deputy Chairman: It's being processed; it's not in the House.

Senator Mian Raza Rabbani: I think she moved it, the day before.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

Mr. Muhammad Ghulam Sarwar Khan, Minister for Aviation

جناب محمد غلام سرور خان (وفاقی وزیر برائے ہوابازی): بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔ فاضل دوستوں کے بڑے serious concerns تھے، بڑے pertinent questions تھے۔ رضا ربانی صاحب! آپ کے سوالات کی تعداد بھی بہت زیادہ تھی، آپ یقیناً ایک senior lawyer and Parliamentarian ہیں، آپ کے سارے relevant questions تھے۔ ممبران اور قوم کے concerns کو address کرنا میری ذمہ داری ہے۔

جناب چیئرمین! اگر باقی دوستوں کے علم میں نہیں ہے تو رضا ربانی صاحب اور مشاہد اللہ خان صاحب کے علم میں یقیناً یہ بات ہو گی کہ EASA کی طرف سے جو operations suspend کیے گئے، یہ پہلی مرتبہ نہیں ہوئے، یہ سلسلہ 2007 سے 2009 تک onward چلا آ رہا ہے، اس وقت E-747 ہمارے بڑے جہاز تھے، A-310 ائیر بس یورپ کے لیے تھی، ان کے operations safety hazards کی وجہ سے suspend ہوئے تھے، یہ اس وقت کی observations کے مطابق ہوا اور یہ سلسلہ چلتا رہا اور PIA under observation, 2009, 2011, 2013, 2015, 2017 and under surveillance تھی۔ last observation 2019 میں تھی، یہ 6 observations تھیں۔ ساری صورت حال ایوان کے سامنے رکھی گئی، 5 observations دور کی گئیں، 6th observation under consideration تھی جو کہ safety کے بارے میں تھی۔ اس کے لیے 30 جون

تک کی مدت تھی کہ جو بھی concernsہیں، انہیں addressکرنا ہے، یہ ساری چیزیں recordedہیں۔ بد قسمتی سے30جون سے پہلے واقعہ ہوااور ہمارا plane crashہو گیا۔ میں اس سے denialنہیں کرتا، انہوں نے اپنی last observationمیں میری speechکا حوالہ دیا ہے۔ سارے relevant questionsتھے۔ اس معزز ایوان کے سامنے حقیقت کو سامنے رکھنا ضروری ہے۔ یہ صرف میری statementکی وجہ سے نہیں ہوا، صرف جہاز کے crashہونے کی وجہ سے نہیں ہوا، ہماری کسی نااہلی، نالائقی اور کوتاہی کی وجہ سے suspension نہیں ہوئی، یہ سلسلہ 2007 سے onward چلا آ رہا ہے۔ جس طرح سے لولی لنگڑی PIAکو چلایا گیا، آج PIA 262 billionکی مقروض ہے۔ یہ کیوں ہوااور کیسے ہوا، یہ لمبی بات ہے۔ لیکن suspensionواقعی serious issueہے۔

جاوید عباسی صاحب کا suspensionکے بارے میں questionتھا۔ یہ suspension European Safetyکے ادارے EASAکی طرف سے ہوئی، یہ صرف Europe and UKکے لیے applyکرتا ہے۔UKمیں Birmingham, operations 3 flightsکے لیے Manchester and Londonکے suspendہوئے۔ یورپ میں Milan, Paris, Oslo, Copenhagenکے لیے stations suspendہوئے، یہ آپریشن چھ ماہ کے لیے suspendہوئے۔PIAکو right of appealدیا گیا، اس کا دو ماہ کا ٹائم ہے۔Suspensionپر عمل درآمد یکم جولائی سے شروع ہوا، 31اگست تک ہمارے پاس ٹائم ہے، ہماری consultationsجاری ہیں، maybe by the end of this monthہم appealمیں چلے جائیں۔ لیکن اس سے پہلے جرمنی میں اپنے Ambassadorکے کے ذریعے ہماری EASAکے high upsکے ساتھ meetingsہوئیں، discussionہوئی، کافی حد تک انہیں satisfactionہوئی ہے، ان کے سامنے ساری situationرکھی گئی۔ ہم اپنی best effortsکر رہے ہیں، ہمیں پورا یقین ہے کہ ان شاء اللہ تعالیٰ یہ suspensionختم ہو گی اور اس سال کے ختم ہونے سے پہلے ان operationsکی resumptionہو جائی گی۔

دوسرا Pilots کا issue ہے، جسے میرے فاضل دوستوں نے link کرنے کی کوشش کی اور اسے controversy بنانے کی کوشش کی گئی۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑے گا یہ سلسلہ بھی ہمارے دور کا نہیں ہے، 2018 میں یہ سلسلہ Supreme Court of Pakistan نے suo motu action پر شروع کیا، ان کے پاس information گئی کہ PIA میں جعلی ڈگریوں پر لوگوں کی appointments ہوئی ہیں، یہ appointments ہزاروں کے حساب سے ہوئیں۔ ایک general direction دی گئی کہ تمام credentials کی verification ہو۔ تمام دوست اس بات سے بخوبی آگاہ ہیں کہ وہ ساری بھرتیاں 2018 سے پہلے کی تھیں۔ میں اس تفصیل میں نہیں جانا چاہتا کہ کس دور کی تھیں، اگر کہیں گے تو میں dates بتادوں گا۔ جب verification شروع ہوئی تو اس میں سے 17 pilots جعلی ڈگری والے نکلے، 96 technicians, ground handlers, اس میں Engineers بھی ہوں گے، cabin crew اور administration کے لوگ بھی شامل تھے، لگ بھگ 658 لوگوں کو نوکریوں سے نکالا گیا۔ Appeal کے لیے کورٹ میں جانا ان کے پاس ایک legal remedy تھی، سارے aggrieved لوگ ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ گئے، review petition میں آئے، تمام review petitions reject ہوئیں، انہیں اپنے گھروں کو جانا پڑا۔

جیسے میں نے کہا کہ Honourable Supreme Court of Pakistan کی intervention سے 2018 میں یہ سلسلہ شروع ہوا، Civil Aviation Authority جو کہ Regulatory Authority ہے، اس نے اپنے طور پر pilot licenses پر بھی کام شروع کر دیا اور جب verification and clarification inquiry کی گئی تو بہت سارے pilots کے licenses مشکوک پائے گئے بلکہ ان کو show cause دیے گئے، ان کو charge sheets دی گئیں، ان کو personal hearing پر بلایا گیا۔ ان میں سے کچھ نے confess بھی کر لیا کہ ہم سے غلطی ہوئی ہے اور ان کی ٹھیک ٹھاک تعداد تھی۔ ہم نے اس پر ایک Investigated Board headed by one Senior Officer of grade-22 and IT experts پر مشتمل تشکیل

دیا۔Examination کاطریقہ کار تبدیل ہوا جیسے رضا صاحب نے بتایا 2012 میں ہوا اور computer exams ہوئے، passwords licensing CAA کے پاس تھے،ان کو manage کیا گیا اور passwords لئے گئے۔ میں تفصیل میں نہیں جانا چاہتا کہ کیسے exams دیے گئے لیکن unfair means لازمی تھے اور اس کی ایک واضح تعداد تھی۔اس کی forensic inquiry ہوئی اور وہ time consuming تھی، اس میں ایک سال اور چار ماہ لگے، اس پر بڑے checks بھی ہوئے۔ اس کے بعد inquiry report Ministry کو submit کی گئی، Prime Minister کو brief کیا گیا اور 262 pilots کے آگے ایک بڑا question mark ہے، یہ figures authentic ہیں۔ ان کے licenses dubious ہیں، وہ suspected ہیں، الفاظ dubious and suspected ہوں یا بالآخر unfair means سے کوئی documents لئے جائیں تو اس document کو fake سمجھ کر conciliation ہوتی ہے۔ 262 out of تمام proceedings مکمل کرنے اور تمام personal hearing کے بعد یہ ثابت ہو گیا، confessional statements لینے کے بعد یہ ثابت ہو گیا کہ 28 pilots وہ غلط طریقے سے لئے گئے تو Federal Government and Cabinet سے ان کی cancellation کی approval لی گئی اور پھر ان کے license cancel کئے گئے تو وہ licence fake تھے۔ جن licences کے آگے question mark ہے جیسے show cause دیے جاتے ہیں، جیسے charge sheets ہوتی ہیں تو prove ہو جاتا ہے کہ انہوں نے unfair means استعمال کئے تو یقیناً وہ licences fake ہوں گے۔ For the time being جو بھی licencing Authority ہے اور جن لوگوں نے signatures کئے ہیں، licence ایک ایسا document ہے، Civil Aviation Authority disown نہیں کر سکتی اور نہ disown کر رہی ہے کیونکہ ہم ہی نے licences جاری کئے ہیں اور 262 figures authentic ہیں۔ Civil Aviation Authority کی طرف سے Supreme Court of Pakistan میں جو reply دیا گیا اور Aviation Division کی طرف سے reply دیا گیا، اس میں بھی 262 کی figure mention کی گئی، اس میں total

pilots کی تعداد بھی بتائی گئی اور Supreme Court of Pakistan نے ان numbers کو endorse کیا اور انہوں نے سخت action کی لیے بھی کہا۔ انہوں نے Aviation Division, Secretary Aviation and DG Civil Aviation Authority کی سرزنش بھی کی اور دو ہفتے میں action لینے کے بعد دوبارہ report پیش کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اس میں جو licencing Authority کے پانچ لوگ تھے، ان کی suspension بھی ہوئی۔ جناب! یہاں تک بات نہیں رکے گی، یہ بات آگے جائے گی، یہ بات منطقی انجام تک جائے گی، آخری culprit تک جائے گی۔ اس میں کس کس نے facilitate کیا اور facilitation ویسے تو نہیں ہوئی۔ میرے کسی بھائی نے ٹھیک کہا کہ کسی سفارش اور سیاسی اثر ورسوخ سے نہیں ہوا، کچھ لین دین سے بھی ہوا ہو گا، لینے اور دینے والے دونوں برابر کے جرم کے مرتکب ہیں۔ امتحان کس نے کس کی جگہ پر بیٹھ کر دیا اور جس کی جگہ پر بیٹھ کر دیا گیا تو اگر اس کا licence cancel ہوتا ہے اور اس کے خلاف action ہوتا ہے تو جس نے کسی کی جگہ پر بیٹھ کر امتحان دیا تو اس کا بھی licence cancel ہو گا، اس کے خلاف بھی proceedings ہوں گی اور ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے خلاف criminal cases بھی درج ہوں گے۔ اس میں IT کے لوگ ملوث ہیں۔ میں نے جیسے کہا اور میں خود IT expert نہیں ہوں، ہم میں سے بہت سارے لوگ نہیں ہوں لیکن ہمارے Board کا ایک highly qualified آدمی رکن ہے اور ہم نے اس کو task دیا ہے اور وہ private sector سے ہے، وہ سرکاری ملازم نہیں ہے، وہ اس نیک مقصد کے لیے voluntarily کام کر رہا ہے۔ ہم نے اس کو بھی target دیا ہے کہ ہم نے facilitators اور اس مجرم تک بھی پہنچنا ہے۔

جناب! یہ سب کچھ پورے یقین اور وثوق اور اس پاک ذات کو گواہ بنا کر کہہ رہے ہیں کہ political motives نہیں ہیں کہ ہم نے کوئی blame game کرنی ہے، ہم نے یہ پچھلی حکومتوں پر ڈالنا ہے، یہ انسانی جانوں کا مسئلہ ہے، انسانوں کی safety کا مسئلہ ہے۔ نیک نامی یا بدنامی یہ بات بعد کی ہے، پہلے انسانی جانیں محفوظ رکھنا، اس سفر کو محفوظ بنانا ہے، جناب! ہمارا یہ مقصد تھا، اس مقصد کے لیے ساری inquiry ہوئی، یہ action بھی ہوا اور ان شاء اللہ تعالیٰ ہماری نیت ٹھیک ہے۔ ہم نے examination system کو دیکھنا ہے اور اس کے ساتھ اس Investigating

Board کی recommendations 54 ہیں، اگر یہ معزز ایوان چاہے گا تو یقیناً آپ لوگوں کی اس میں expertise بھی موجود ہیں، آپ سے input بھی لیں گے، ہم Investigating Board کی recommendation plus اس معزز ایوان کی recommendations بھی لیں گے۔ ہم نے چیزوں کو refine کرنا ہے اور چیزوں کو ٹھیک کرنا ہے، ہم نے PIA کی privatization نہیں کرنی کیونکہ PIA privatization list میں نہیں ہے۔ ہم نے PIA کی restructuring کرنی ہے اور ہم PIA کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، ہم PIA کو ان glory days میں لے جانا چاہتے ہیں جن دنوں میں لوگ PIA میں سفر کرنے پر فخر اور ناز کرتے تھے۔ PIA کے ساتھ جو ہوا، یہ ساری چیزیں دکھ سے کہنی پڑتی ہیں۔ رضا بھائی ہو سکتا ہے کہ میں آپ کے سارے questions کا اس تھوڑے وقت میں جواب نہ دے سکوں۔ جیسے آپ نے licencing procedure کی بات کی، یہ طریقہ کار 2012 میں تبدیل ہوا، پہلے manually exams ہوا کرتے تھے، اب computerized exams ہوتے ہیں۔ ہماری licencing Authority پر پوری نظر ہے اور ذمہ داروں کے خلاف action ہو گا۔ Computer section or system تک access دی گئی ہے، یہ ویسے ہی نہیں دی گئی، میں نے جیسے بات کی کہ کچھ لے دے کر access دی گئی۔

جناب! اس وقت کے لوگ اور آج کے لوگ بھی ہیں اور جن لوگوں نے اس وقت licences پر signature کئے، ان کے خلاف بھی action ہو گا اور ذمہ دار بھی accountable ہوں گے، انہیں بھی جواب دینا پڑے گا۔ میں National Assembly کی Standing Committee موجود تھا۔ حکومتی طرف سے کوئی بات نہیں ہوئی کہ ہم سے Trump or his any family member کا کوئی رابطہ ہوا ہے، Opposition کے ایک Senior Member and special invitee نے ایک statement دی، ہم نے جس کے جواب میں کہا کہ ہمارے علم میں ایسی کوئی چیز نہیں ہے اور اس بات سے حقیقت کا بھی کوئی تعلق نہیں ہے۔ آپ یقین کریں کہ قطعاً ہمارے ذہن میں یہ بات نہیں ہے کہ ہم ان pilots کو نکال کر کوئی شاہین ائر لائن کے کوئی سابق pilots یا Pakistan Air Force کے retired pilots کو لیں گے، اگر ہماری نیت میں فرق ہوتا تو worldwide دس ممالک سے ہمارے پاس جو

چیزیں پہنچی ہیں verification کے لیے مختلف حکومتوں اور مختلف air lines کی طرف سے letters لکھے گئے ہیں اور 174 pilots جو ہمارے دیگر ممالک میں کام کر رہے ہیں، ان کے licenses verification کے لیے آئے، ہم نے 166 valid licenses کے ساتھ verification کر کے واپس بھجوائے ہیں۔ 10 کے آگے بھی question mark ہے، ان میں سے بھی ایسے لوگ ہیں۔ ہم جو کچھ کر رہے ہیں وہ اس ادارے کی بہتری کے لیے کر رہے ہیں اور اس بارے میں ہماری نیت پر شک نہ کریں۔

جہاں تک آپ نے appointment of Chief Executive of PIA کے بارے میں بات کی، اس کے لیے ad کیسا تھا، tailor made تھا، صحیح appointment ہوئی یا غلط ہوئی، matter Supreme Court میں pending ہے، subjudice ہے اس لیے میں نہ انہیں defend کرنا چاہوں گا اور نہ اس پر بات کرنا چاہوں گا، سپریم کورٹ ایک بہتر ادارہ ہے، وہ بہتر فیصلہ کرے گا اور بہتر interpretation ہو گی۔ میں یہ ضرور کہنا چاہوں گا کہ اس ادارے کی تباہی و بربادی یقیناً اگر ریکارڈ دیکھیں تو پچھلے دس سالوں میں 11 Chief Executives تبدیل ہوئے۔ معذرت کے ساتھ مجھے یہ کہنے میں کوئی عار نہیں ہے، ہو سکتا ہے کچھ دوستوں کو یہ بات اچھی نہ لگے کہ politically اور پھر صرف politically ہی نہیں بلکہ ہماری یونین بھی influence کیا کرتی تھی کہ اس کو لگانا ہے اور اس کو ہٹانا ہے اور یہ بالکل ہوتا رہا ہے۔ جناب میں یہ بات on record کہہ رہا ہوں کہ ہمارے ہاں پنجاب میں تو یہ بھی ہوتا رہا ہے کہ پٹواری بیٹھ کر مشورہ کر کے فیصلہ کرتے تھے کہ ڈپٹی کمشنر کون سا لگوائیں، کمشنر کون سا لگوائیں۔ اگر پٹواریوں نے فیصلے کرنے ہیں اور یونین نے Chief Executives لگوانے ہیں تو پھر ادارے کا حال تو یہی ہونا ہے۔ بہر حال آپ کا اپنا نقطہ نظر ہے لیکن یہ on record ہے کہ دس سالوں میں 11 Chief Executives تبدیل ہوئے اور یہ بھی on record ہے چھوٹی موٹی چوریاں تو ہوتی رہتی ہیں مشاہداللہ صاحب، ہمارا پورا A310 چلا گیا ہے اور آج بھی جرمنی میں کھڑا ہے۔ اس پر اتنے charges پڑ گئے ہیں کہ اسے لایا بھی نہیں جا سکتا، کچھ دیا بھی نہیں جا سکتا لیکن وہاں پر بھی کہیں تو ہماری ہی کوتاہی اور ذمہ داری تھی، اداروں کی ذمہ داری تھی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ صفائی کا یہ عمل جاری و ساری رہے گا کیونکہ اس قوم نے ہمیں mandate صفائی کا دیا ہے۔ ہمیں لاکھ برا کہیں، لاکھ

criticism کریں، احتجاج کریں وہ آپ کا right ہے لیکن accountability across the board ہو گی۔ ہم نے تو on the floor of the House کھڑے ہو کر کہا ہے کہ ہم اپنے آپ کو accountability کے لیے پیش کرتے ہیں، ضرور ہونی چاہیے، تمام Federal Cabinet کی ہونی چاہیے لیکن اگر دوسری طرف ان لوگوں کی ہو رہی ہے جو 35 سالوں سے مسلسل اقتدار میں چلے آ رہے ہیں تو کم از کم انہیں بھی حوصلہ کرنا چاہیے۔ اس accountability process پر بہت سے لوگوں کو اعتراض ہے کم از کم میں یہاں ذمہ داری کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ یہاں اس کے پیچھے بدنیتی اور victimization نہیں ہے، کوئی political motive نہیں ہے۔ ادارے کو ٹھیک کرنے کے لیے purely یہ ساری انکوائری اور اس کے بعد ادارے کی restructuring اور ادارے کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا مقصود ہے۔ میری یہی گزارش تھی اگر مزید کسی دوست کا سوال ہو تو پوچھ لے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: منسٹر صاحب، میرے دو سوالات تھے if you don't mind answering me, ایک تو یہ کہ آپ نے 262 pilots سے متعلق جو بیان دیا ہے، Civil Aviation نے اس کو contradict کیا ہے کیونکہ یہ media میں چل رہا ہے، ان کے کچھ letters بھی چل رہے ہیں کہ ہمارے ہاں کوئی pilot ایسا نہیں ہے۔ میرا دوسرا سوال یہ تھا کہ آپ نے جب یہ statement دیا تو ہمارے جتنے pilots تھے ان میں سے کچھ کے مجھے بھی فون آئے کیونکہ میری pilots کے ساتھ کچھ association رہی ہے۔ انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ اب ہم لوگ کیا کریں جن کے genuine licenses ہیں کیونکہ Pakistan Civil Aviation پر question mark آ گیا ہے کہ انہوں نے پائلٹوں کو جتنے بھی licenses جاری کیے ہیں وہ in question آ گئے ہیں۔

Now wherever we are working, whether we are working for Emirates, whether we are working for Vietnam Airlines, whether we are working for Etihad, whether we are working for anybody, now every civil aviation is questioning us, that is your license genuine or not and we have to write to your civil aviation to verify.

یہ دو چیزیں ہیں which has created very serious implications for pilots, who are genuine, who are flying presently in other countries, holding Pakistani license.

جناب غلام سرور خان: جناب جیسا کہ میں نے آپ کو پہلے بھی بتانے کی کوشش کی کہ دس ممالک سے verification کے لیے letters آئے تھے جن میں سے UAE Emirates کی طرف سے تقریباً 64 pilots including technicians ان کے بارے میں letter آیا اور ہم نے 48/49 کو clear کر کے بھجوایا۔ اسی طرح جیسا کہ میں نے numbers بھی دیئے کہ دس ممالک سے جن میں اومان، ترکی، قطر، ملیشیاء، ویتنام اور مختلف دس ممالک سے 174 queries آئیں اور 166 کو ہم نے clear کر کے بھجوایا۔ جو internationally, foreign airlines پر کام کر رہے ہیں ان کی almost جتنی verification کے لیے ہمارے پاس information آئی، ہم نے انہیں top priority دی، verify and certify کر کے کہ یہ valid licenses ہیں اور ہمارے ہاں ان پر کسی قسم کا کوئی objection or observation نہیں ہے۔

جہاں تک آپ کے دوسرے سوال کا تعلق ہے، یقیناً خط میں لفظ یہی لکھا گیا ہے کہ اگر ایک valid licensing authority نے ایک license sign کیا ہے، ایک تو یہ ہے کہ یہ license Civil Aviation Authority کا نہیں ہے، باہر بازار سے بنوا لیا ہے۔ ان تمام licenses پر دستخط تو Civil Aviation Authority کے ہیں لیکن license لینے کے لیے unfair means استعمال کیے گئے۔ کسی کو بٹھا کر امتحان دیا گیا اور pass کیا گیا جو کہ forensic inquiry میں prove ہو چکا ہے۔ اس reference میں D.G. Civil Aviation نے یہ بات کی ہے۔

Mr. Deputy Chairman: I think the Minister has given the explanation,

سینیٹر کلثوم صاحبہ اس پر ہم debate تو کر نہیں سکتے ہیں۔ منسٹر صاحب would you allow to ask any question? جی کلثوم صاحبہ۔ The Calling Attention Notice is disposed of, آپ ویسے سوال کر لیں۔

سینیٹر کلثوم پروین: جی میں ویسے ہی سوال کر رہی ہوں۔ اس کا اس Calling Attention Notice سے کوئی لینا دینا نہیں ہے۔ میری وزیر صاحب سے گزارش ہے کہ جیسا کہ ابھی ایوان میں بھی کہا گیا کہ ہمارے ہاں ہفتے میں صرف دو flights چلتی ہیں اور بہت مشکل ہے، چونکہ اس مرتبہ ایوان میں voting ہونا تھی اس لیے میں وہاں سے 17 by road گھنٹے سفر کر کے آئی ہوں۔ دوسرا میں یہ کہہ رہی تھی کہ ہم جہاز میں آج booking کروا رہے ہیں اور وہ کہہ رہے ہیں کہ جہاز میں جگہ نہیں ہے۔ جب ہم بیٹھے ہیں تو دیکھا جہاز میں پیچھے ساری جگہ خالی تھی، ہمارے ساتھ یہ کیا مذاق ہے۔ تیسری سب سے اہم بات یہ ہے کہ ہمیں جو tickets ملے ہیں اور ہم نے Covid-19 کی وجہ سے سفر نہیں کیا، نہ آئے ہیں اور نہ گئے ہیں اور آپ کو اچھی طرح سے معلوم ہے کہ آپ کی وجہ سے ہم لوگ ایک مرتبہ آ سکے ہیں۔ ہمارے وہ tickets suffer کر رہے ہیں اور ہم نے استعمال نہیں کیے ہیں۔ ان tickets کی مدت بڑھائی جائے کیونکہ ظاہر سی بات ہے کہ اس کی اب repayment تو ہو نہیں سکتی ہے کیونکہ PIA کو payment کی ہوئی ہے تو اس کا time period آگے کیا جائے تاکہ ہم اسے استعمال کر سکیں۔ ہمیں استعمال کرنے کے لیے دیئے تھے، ہم انہیں جیب یا پرس میں رکھنے کے لیے تو نہیں لائے تھے۔ جہاں تک ہماری flights کا تعلق ہے تو ہماری only two flights کوئٹہ کے لیے چلتی ہیں اور وہ بھی ایک دن ATR چلتا ہے اور دوسرے روز بڑا جہاز جاتا ہے۔ ATR تو خدا کے لیے نہ بھیجیں کیونکہ وہ ایک وادی، دونوں طرف کی ہوا بند ہونے کی وجہ سے وہاں پر vibration شروع ہو جاتی ہے اس لیے میری گزارش ہے کہ دن میں کم از کم ایک flight تو چلنی چاہیے۔ باقی آپ نے سوال پوچھ لیے ہیں جو ٹھیک ہیں۔

جناب غلام سرور خان: شکریہ۔ ایک تو Covid-19 کی وجہ سے اور دوسرے NCOC کی recommendation جو بہت مشکل اور کافی تگ و دو کے بعد ملی ہے، ہمیں چار بڑے شہروں کے لیے limited operation کی اجازت ملی ہے۔ یہ اجازت نامہ extend ہوتا رہا، اب اس کی extension بڑی عید تک ہو چکی ہے۔ بڑی عید کے بعد ان شاء اللہ تعالیٰ Covid-19 میں بھی negative trend آ رہا ہے، تمام international and domestic operations کو resume کر لیا جائے گا۔ انہوں نے جو vouchers کی بات کی تو اگر کسی

individualکو کوئی ایساproblemہے تو مجھے بتائیں میں اسےresolveکرنے کی کوشش کروں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ منسٹر صاحب۔ابھی ہم points of public importanceلیتے ہیں۔جی عتیق صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh regarding problems being faced by Call Centres in Karachi

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں آپ کی اور ہاؤس کی توجہ ایک اہم national levelکے مسئلے کی طرف دلانا چاہوں گا۔Covid-19 کے بعد ساری دنیا 180 degreeتبدیل ہو چکی ہے۔آج کی دنیا2019 کی دنیا سے بہت مختلف ہے۔80 کی دہائی میں جوITکا دور آیا، ہمارے ساتھ کے ممالک، انڈیا نے خاص طور پر اس سے بہت فائدہ اٹھایا۔آجCovid-19 کے بعد جوdigitalizationکا دور آرہا ہے، میں توجہ دلانا چاہوں گا کہ اس میں بہت سارے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ان لوگوں کو تکلیف ہو رہی ہے جو اسdigitalشعبے میں کام کر رہے ہیں۔

کراچی میں خاص طور پر ہمارےIT centres بنے ہوئے ہیں۔ان میں software housesہیں اورcall centresہیں۔انcall centresمیںday and nightکام ہوتا ہے۔وہاں پر کئی سو لوگوں کو ملازمتیں دی گئی ہیں۔ابھی چند روز قبل ایکoverseasپاکستانی نے یہاں آکر ایک بہت بڑیinvestmentکی اور کوئی سو بچے بچیوں کو وہاں پر روزگار فراہم کیا۔پولیس والے وہاں روز جاتے تھے اور ایک دن SHOصاحب خود گئے اور وہاں جا کر کہا کہ تم یہاں کیا کرتے ہو اور کیوں اتنے بجے تمہارے بچے اترتے ہیں؟انہوں نے کہا کہ ہم یہاں ایکcall centreچلا رہے ہیں اور ہماری کمپنیاں امریکی ہیں۔ان کا یہ کہنا تھا کہ اچھا، امریکی کمپنیوں کے لیے کام کرتے ہو۔جناب! سوال یہ ہے کہ وہ اور کس کے لیے کام کریں گے؟ان کاlevelچونکہ یہی تھا، اس لیے مجھے ان سے کوئی سروکار نہیں ہے لیکن ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ مجھے کمپیوٹر کھول کر دکھاؤ، اس کے اندر تم نے کیا بھرا ہوا ہے۔آخر میں یہ ہوا کہ وہ بندہ بہت سا نقصان اٹھا کر، سیکڑوں بچے بچیوں کو بے روزگار کر کے واپس چلا گیا۔

اب آ جاتے ہیں اس سے اگلی بات پر، مجھے نہیں پتا کہ مجھے کس جگہ جا کر اس بارے میں بات کرنی چاہیے۔ یہ جو آج digital era آیا ہے یا digital world بن رہی ہے، اس میں ہماری youth سے تعلق رکھنے والے لاکھوں بچوں کو روزگار مل سکتا ہے لیکن ہم اس پر قطعی طور پر کوئی توجہ نہیں دے رہے۔ میری حکومتِ وقت سے گزارش ہو گی کہ اس معاملے پر توجہ دیں خاص طور پر graphic designers ہیں، web portal کے بنانے والے ہیں، SCOs, digital marketing کے لوگ ہیں، artificial intelligence کے ہیں، block chain کے ہیں، digital mining کے لوگ ہیں، cyber security کے لوگ ہیں۔ منسٹر صاحب اگر اس پر کوئی بات کر سکیں، اگر کابینہ میں اس معاملے کو اٹھا سکیں، یہ ہمارے بہت سارے بچے بچیوں کا معاملہ ہے۔ دنیا کے ستر ممالک میں digital mining کی اجازت ہے۔ اس سے اربوں روپے کمائے جاتے ہیں۔ ہمارے ہاں کس وجہ سے اسے ban کیا گیا ہے، اس کا کسی کو پتا نہیں اور ban کس نے کیا ہے، کسی کو پتا نہیں۔ اسی طرح digital currency کی بات ہے، bit-coin کی بات ہے، جن بچے بچیوں نے ایک fils کا bit-coin خریدا تھا، آج وہ 16 ہزار ڈالرز کا بک رہا ہے۔ کیوں ہم اپنی قوم کو پیچھے لے کر جا رہے ہیں؟ میری گزارش ہو گی کہ اس معاملے پر غور کیا جائے، بڑے سینیئرز یہاں موجود ہیں، منسٹر صاحب بھی ہیں، لیڈر آف دی ہاؤس بھی ہیں، میں انہیں assist کر دوں گا۔ چونکہ اس حکومت کا اور پرائم منسٹر صاحب کا یہ وژن ہے، وہ نوجوانوں کو بہت کچھ دینا چاہتے ہیں، نوجوانوں نے ان کے لیے ہر طرح کا stand لیا ہے، ان کی حکومت لے کر آئے ہیں اور آج ان نوجوانوں کو یہ اتنا بڑا موقع مل رہا ہے۔ میں معذرت کے ساتھ یہاں Digital Pakistan کی بات بھی کروں گا، اسے ہائی کورٹ میں جس طرح challenge کیا گیا اور جو ہائی کورٹ، اسلام آباد کا اس پر اعتراض آیا اور جو پابندی لگی، وہ بھی ہمارے لیے شرم کا باعث ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: لیڈر آف دی ہاؤس۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: جناب! سینیٹر عتیق شیخ صاحب نے بہت اہم سوالات اٹھائے ہیں۔ میری گزارش یہ ہو گی، چونکہ یہ خود بھی انفارمیشن ٹیکنالوجی کمیٹی کے ممبر ہیں، یہ issues ایسے ہیں جنہیں کمیٹی کی سطح پر discuss ہونا چاہیے تاکہ منسٹری کے افسران اور concerned لوگ بھی وہاں پر آئیں اور دونوں طرف کا نقطہ نظر سامنے آئے اور ایک meaningful debate ہو سکے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کو refer کر دیتے ہیں۔ جی مشاہد صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Mushahid Ullah Khan on the issuance of fake licenses to PIA pilots

سینیٹر مشاہد اللہ خان: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایوی ایشن کے وزیر صاحب نے اپنی بات کر لی ہے، میں اپنی بات اس طرح سے کرنا چاہتا ہوں کہ ہر بات پر blame game نہیں ہونی چاہیے کہ فلاں حکومت نے یہ کیا اور وہ کیا۔ میں نہیں سمجھتا کہ ان کا کوئی قصور ہے، انہیں پتا بھی نہیں ہو گا کہ وہاں کیا ہو رہا ہے۔ اس وقت یہ منسٹر بنے ہوئے ہیں تو میں ان پر چڑھائی کر دوں، میں اس کے حق میں نہیں ہوں۔ انصاف کی بات کرنی چاہیے لیکن میں اُدھر سے بھی توقع کرتا ہوں کہ انصاف ہی کی بات ہو ورنہ مسئلہ کبھی بھی حل نہیں ہو گا، ساری زندگی نہیں حل ہو گا کیونکہ ہم اصل مسئلے کی طرف جا ہی نہیں رہے، ہم کہہ دیں گے یہ ہوا، وہ ہوا، فلاں ہوا۔ مثلاً انہوں نے کہا جس پر میں نے ابھی اتفاق نہیں کیا کہ unions لگاتی تھی۔ یہ جھوٹ بولتے ہیں۔ Unions کے پاس کبھی کوئی administrative power نہیں رہی۔ اگر رہی ہے تو آپ مجھے بتا دیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ پاکستان کا آئین صرف CBA کو bargaining کی اجازت دیتا ہے۔ وہ تنخواہوں پر بات کر سکتے ہیں۔ اس management نے اور آج کی management نے بھی، اب تو جا کر Services Act وغیرہ لگا ہے، انہوں نے ایسوسی ایشن کو اجازت دی، ان سے bargaining کرتے رہے۔ بھئی! کیوں کرتے رہے؟ پاکستان کا آئین تو انہیں اجازت نہیں دیتا۔ آپ نے یہ کام کیسے کیا؟ مطلب کرتے خود ہیں، ڈال دیں گے یونین پر۔ یونین کو تو ہر دور میں الٹا ٹانگا ہوا ہے۔ وزیر صاحب سے میں خاص طور پر کہہ رہا ہوں، ہوتا یہ ہے کہ جب management گڑبڑ کرتی ہے، میں نے اس management کو بہت ساری چیزیں بتائی ہیں لیکن اس پر وہ چپ کر جاتے ہیں، سب یونین پر ڈال دیتے ہیں۔ اچھا، اگر یونین اتنی بری ہے تو وہاں انصاف یونین کیوں بنائی ہوئی ہے؟ اس کا مجھے جواب دیں۔ اگر یونین ٹھیک نہیں ہے تو تحریکِ انصاف کی یونین وہاں پر نہیں ہونی چاہیے۔ میں اس بات کے حق میں ہوں، یونین بننی چاہیے کیونکہ آپ کا آئین اس کی اجازت دیتا ہے۔ ایسوسی ایشن کو بنانے کی اجازت بھی دیتا ہے لیکن انہیں bargaining کی اجازت نہیں دیتا۔ انہوں نے bargaining کر کے agreements کیے ہوئے ہیں۔ ڈالتے یونین پر ہیں۔ بھئی، چھ ایسوسی ایشنیں ہیں، ان سے agreements آپ نے کیے ہوئے ہیں، ڈال دیا آپ نے سارا یونین پر۔ ایک

ایک آدمی پینتیس پینتیس کروڑ روپے کھاکر بھاگا ہوا ہے، اس موجودہ management کو بھی پتا ہے، میں نے بتایا ہے لیکن یہ اس کے خلاف action نہیں کرتے۔ کہتے ہیں اپنا آدمی ہے۔

اس حکومت میں کیا ہو رہا ہے، میں آپ کو پائلٹوں کی بات بتاتا ہوں۔ ایک بہت بڑا کرکٹر ہے، اس کے سگے بھائی کا جعلی سرٹیفکیٹ تھا، آپ کے نوٹس میں ہوگا، اس کا لسٹ میں نام بھی ہے، وہ جاکر ایک اہم ترین شخص سے ملا، اس نے اسے نہیں نکلنے دیا۔ ابھی بھی لسٹ میں نام ہے، وہ لسٹ نکال کر دیکھیں، اس میں سیاہی ایسی لگائی گئی ہے کہ اس کا نام ہی نہیں پڑھ سکتے جب تک اس کو آپ zoom نہ کرلیں۔ اس طرح کی وارداتیں ہو رہی ہیں۔ مسائل حل کرنے کے لیے سنجیدگی ہونی چاہیے۔ مثلاً ان کا جہاز چلا گیا، کوئی لے گیا، جو چیز ہوئی ہے، ہوئی ہے لیکن انہیں further نہیں بتایا گیا کہ وہ جہاز ground ہو چکا تھا، اسے بیچ دیا گیا تھا، اس جہاز میں ایک شوٹنگ ہوئی تھی۔ اس میں تھوڑی سی گڑبڑ ضرور ہوئی ہے لیکن اس کی FIA انکوائری کر رہا ہے۔ لہٰذا، FIA کو بولیں، لوگوں کر پکڑ لیں۔ مطلب point score کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ آپ کو اس سے حاصل وصول ہی کچھ نہیں ہے۔ ایک grounded جہاز تھا، چلا گیا۔ اگر غلط طریقے سے گیا ہے تو جو غلط طریقہ اختیار کیا گیا ہے، اسے آپ پکڑ لیں۔

اس کے علاوہ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ابھی اس حکومت نے بھی تو لوگوں کو PIA سے نکالا ہے۔ اس پر اسٹینڈنگ کمیٹی میں بھی بڑی بات ہوئی، اس پر کمیٹی نے unanimously کچھ لکھ کر بھیجا، اس میں کہیں ہم نے یہ نہیں کہا کہ جعلی سرٹیفکیٹ والوں کو رکھ لیں۔ اس کو exploit کرتے پھرتے ہیں۔ اس کمیٹی میں PTI بھی موجود تھی جس نے recommendations دی ہیں۔ جنہوں نے recommendations دیں، وہ بھی اس پر بات کرتے پھرتے ہیں۔ اس میں یہ تھا، یہ وزیر صاحب ایک دن بیٹھے ہوئے تھے کہ جو نکلے ہیں ان کے متعلق ایک uniform policy ہونی چاہیے، بندوں کو ضرور نکالیں لیکن اگر ویسے ہی کچھ لوگ PIA میں موجود ہیں، میں نے ان کے نام بتائے ہیں، ان کی لسٹ بتائی ہے لیکن ان cronies کو نہیں نکالا۔ پھر میں نے یہ کہا کہ آپ ان لوگوں کے خلاف ایکشن لیں جن کے بارے میں یہ کہہ رہے ہیں کہ suspend کر دیا ہے۔ Suspension کوئی سزا نہیں ہوتی۔ Suspensions بہت ہوتی رہی ہیں۔ میں نے اس وقت بھی کہا، آپ کے سامنے بھی کہا، اسٹینڈنگ کمیٹی میں بھی کہا کہ جن افسروں نے ان کی ڈگریاں check

کی تھیں، اگر اس میں گڑبڑ ہوتی ہے، پیسے لے کر ہوتی ہے، یہ ٹھیک کہہ رہے ہیں، میرے بھی علم میں ہے۔ پیسے بھی لے لیے ہیں، اس کے بعد بھی لوگ آئے ہیں، ان سے بھی پیسے لیتے رہے ہیں، ان کے خلاف آج تک کوئی action نہیں ہوا۔ یہی حال Civil Aviation کا ہے، pilots کو انہوں نے licences دیے ہیں، بہت ساری چیزیں میرے بھی notice میں ہیں لیکن آپ نے اٹھا کر pilots کو فارغ کر دیا، کس کمیٹی نے، کس commission نے فیصلہ کیا ہے؟ جنہوں نے licence دیا، انہوں نے ہی کہہ دیا، اسے کہیں سے verify تو کریں، vet تو کریں، جس کا جو جی چاہتا ہے وہ بیان دے دیتا ہے۔ Secretary صاحب کچھ بیان دے رہے ہیں، وزیر صاحب کچھ بیان دے رہے ہیں۔ میں نے پہلے بھی کہا اور یہ اخبارات میں چھپ چکا ہے، یہ ایک دوسرے کو contradict کر رہے ہیں۔

جناب والا! میں آپ کو ایک اور اہم بات بتانا چاہتا ہوں۔ کچھ سال پہلے پاکستان میں جعلی ڈگریوں کا ایک بہت بڑا scam ہوا تھا، axact company نے کیا تھا۔ انہوں نے پوری دنیا میں جعلی ڈگریاں تقسیم کر دیں جس پر بہت سارے لوگوں کے interviews آئے، انگریزوں کے، عربیوں کے، پتا نہیں کس کس کے interviews آئے، ہم نے اور آپ نے ٹی وی پر سنا۔ میں وزیر صاحب اور وزیر اعظم صاحب سے بھی پوچھنا چاہتا ہوں کہ اتنا بڑا scam, ہزاروں لوگوں کو جعلی ڈگریاں دے دی گئیں، انہوں نے interviews دیے۔ دنیا کے کسی ملک کے وزیر یا وزیر اعظم نے یہ نہیں کہا جو انہوں نے کہا۔ انہوں نے جو کہا، اگلے دن وزیر اعظم نے کہا کہ یہ ٹھیک کہہ رہے ہیں۔ آپ کا Secretary کچھ کہہ رہا ہے، Civil Aviation کچھ کہہ رہی ہے، PIA کچھ کہہ رہی ہے، یہ کیوں ہوا؟ یہ اس لیے ہوا ہے کہ point scoring ہے، بس فوراً press conference کر دو، بیان دے دو، یہ کر لو اور گھر جا کر سو جاؤ۔ اگر کوئی بات بھی تھی تو یہ ہونا چاہیے تھا کہ پہلے لوگوں کو اکٹھا کرتے، باتوں کو سمجھتے اور اس میں یہ دیکھتے کہ ملک کا فائدہ کس میں ہے اور کس میں نہیں ہے۔ اب صرف یورپ میں تینتیس ارب روپے کا revenue loss ہے، برطانیہ کا مجھے نہیں معلوم، اس سے بھی زیادہ ہو گا، امریکہ کا اس سے کم ہو گا۔ باقی دوسری بہت ساری airlines میں آپ نہیں جا رہے، Covid-19 کا علیحدہ سلسلہ ہے، اس بات پر غور کر لیا جاتا۔ PIA نے compliance نہیں کیا، جس کی بات رضا ربانی صاحب نے کی۔ Air safety way, پہلے اس کو address کیا جاتا تو

انہیں خوار ہونے کی ضرورت نہیں تھی، یہ تو خود خوار ہو رہے ہیں، صرف اس چکر میں ہیں کہ واہ واہ ہو جائے گی، آپ کی واہ واہ نہیں ہوئی۔ آپ نے ملک کا بیڑا غرق کر دیا ہے، اب مجھے یہ airline کھڑی کر کے دکھائیں، جو کچھ اس airline کے ساتھ کر دیا گیا ہے۔ آپ ایک جہاز کو روتے ہیں، آپ کہہ رہے ہیں کہ 50% لوگوں کو نکالیں گے، آپ نکالنے میں کتنے تیز ہیں۔ آپ دیکھیں کہ officers کے خلاف action نہیں کیا، Civil Aviation has suspended, اس سے پہلے جو چھوٹے ملازمین تھے، انہوں نے چھ سو لوگوں کو نکالنے میں چوبیس گھنٹے لگائے، ان کو نکالتے ہیں، جو بڑے officers ہیں جو اصل میں culprits ہیں، انہیں suspend کر دیا ہے، suspension کیا ہوتی ہے؟ Loader کو نکال دیا، چھوٹے ملازم کو نکال دیا، میں نے جن کے بارے میں کہا تھا کہ آپ آٹھ سزائیں دے سکتے ہیں، آپ آٹھویں نہ دیں، سات میں سے کوئی بھی دے دیں۔ نہیں جی! سب کو نکال دیا، ثاقب نثار کر کے گیا تھا، وہ تو پی ٹی آئی کا worker تھا، ابھی بھی ہے، اس نے بڑا مال بھی بنایا ہے، سارا کچھ کیا ہے، Dam fund بھی کھا گیا ہے۔ اس نے بھی اپنے فیصلے میں یہ لکھا تھا کہ اس پر review ہو سکتا ہے اور competent authority کر سکتی ہے۔ انہوں نے PIA میں review نہیں کیا، ابھی تک نہیں کیا۔

میں نے آج وزیر صاحب سے بات کی، دیکھیں کیا ہو رہا ہے؟ اصل باتیں نہیں کرتے، چین میں بچے پھنسے ہوئے ہیں، پچاس ہزار کا ٹکٹ تھا، انہوں نے ڈیڑھ لاکھ کا کر دیا ہے۔ ان باتوں پر کوئی بات نہیں کرتا، سارا یونین پر ڈال دیتے ہیں جن کی کوئی تک ہی نہیں ہے۔ یہ آج سے نہیں ہو رہا، یہ ستر کی دہائی سے ہے، اربوں روپے کے غلط فیصلے کرتے ہیں، لوگ پینتیس پینتیس، پچاس پچاس کروڑ کھا کر بھاگ جاتے ہیں اور یونین duties لگاتی ہے۔ یونین کہاں سے duties لگاتی ہے؟ اگر یونین duties لگاتی ہے تو duties لگانا کوئی management کا اس طرح سے فیصلہ نہیں ہے۔ یونین کو تو اجازت ہے، constitution protection دیتا ہے، آپ جو یہ کر رہے ہیں۔ پچھلی Standing Committee میں unanimous decision ہوا کہ وہ بچے students ہیں، ان کو چھٹیاں ہو چکی ہیں، وہ ختم ہو رہی ہیں، انہیں پرانے rate پر ٹکٹ دیا جائے، آپ businessmen بے شک نہ کریں لیکن انہیں تو آنے دیں، ابھی تک انہیں نہیں لے کر آئے۔ میں نے ابھی تھوڑی دیر پہلے پتا کیا، میرے پاس slip آئی ہے کہ یہ نہیں ہوا، میں اس لیے بتا رہا ہوں۔ وہ

یہاں تک کہہ رہے ہیں کہ خنجراب کا راستہ کھول دیں، ہم بس میں آ جائیں گے تو ہمیں اور سستا پڑ جائے گا۔ مسائل کیوں حل نہیں ہوتے، جب آپ point scoring میں ہوتے ہیں اور ہر مسئلے کو پچھلی حکومتوں پر ڈال دو، آپ کی بات کوئی سنتا ہی نہیں ہے، آپ کو پتا ہی نہیں کہ عوام میں آپ کے کیا حالات چل رہے ہیں؟ آپ عوام میں جا کر بات نہیں کر سکتے۔ میں کہتا ہوں کہ اس چکر میں نہ پڑیں، deliver کریں، کوئی کام کر کے دکھائیں، press conference کر کے، ticker چلا کر یا statement دے کر کچھ نہیں ہو گا۔ پاکستان کی تباہی ہوئی ہے، ان کپتانوں کے چکر میں پاکستان کا وقار مجروح ہوا ہے۔ یہ عملی بات ہے اور PIA کو اتنا شدید نقصان پہنچا ہے کہ جب سے PIA بنی ہے، اس کا عشر عشیر بھی کبھی اتنا نقصان نہیں ہوا جو ان دنوں میں ہو گیا ہے۔ جناب والا! میں پھر بھی کہتا ہوں کہ سر جوڑ کر بیٹھیں، آپ point scoring کو ایک طرف رکھیں، آپ کی حکومت نے ویسے کوئی کام نہیں کیا، عوام آپ سے ویسے ہی ناراض ہے، کہیں تو راضی کریں۔ اس پر فخر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وزیر صاحب! آپ جواب دینا چاہیں گے؟

Mr. Muhammad Ghulam Sarwar Khan, Minister for Aviation

جناب غلام سرور خان (وزیر برائے ہوابازی): جناب چیئرمین! ان کی سب باتوں کا جواب دینا ضروری نہیں ہے اور میں مناسب بھی نہیں سمجھتا لیکن چند باتیں ہیں۔ انہوں نے طلباء کی بات کی کہ چین سے کچھ طلباء نے آنا ہے۔ آپ کے علم میں ہے کہ regular flights نہیں ہیں، special flights نہیں ہیں، scheduled flights نہیں ہیں، special arrangements ہیں، یہاں سے خالی flight جاتی ہے، وہاں سے students کو لے کر آ رہے ہیں، اس لیے fair تھوڑا زیادہ ہے۔ مشاہد اللہ صاحب نے point out کیا اور میں نے ان کے ساتھ وعدہ بھی کیا ہے کہ ہم کوشش کریں گے کہ جتنا reasonable ہو سکے، جتنا کم ہو سکے، اس سے بھی کم کرنے کی کوشش کریں گے۔

جناب والا! جہاں تک pilots کا معاملہ ہے تو نہ ہم نے کوئی بھرتی کیا ہے، نہ ہم نے کوئی exam لیا ہے اور نہ ہی ہم نے کسی کو کوئی licence دیا ہے۔ اگر مشاہد اللہ خان صاحب یہ غلط ہوا ہے، سب کچھ ہوا ہے تو پچھلے ادوار میں ہوا ہے۔ اگر آپ نے یہ غلط نہ کیا ہوتا، recent past میں

four air accidents راولپنڈی، اسلام آباد میں ہوئے ہیں، inquiry reports آپ کے علم میں ہوں گی۔ ان میں Air Blue, Bhoja Air, PIA شامل ہیں اور ان میں pilot error سامنے آیا ہے۔ ابھی recently جو واقعہ ہوا ہے، اس میں بھی pilot error سامنے آیا ہے۔ اگر ہم نے چیزوں کو ٹھیک نہیں کرنا تو میں نے کہا کہ ہم تو کوئی blame game نہیں کر رہے۔ ہم transparent انداز میں inquiry کر رہے ہیں اور آپ نے جس آدمی کا نام لینا پسند نہیں کیا، آپ نام لے کر بات کریں، آپ بتائیں کہ فلاں آدمی کا licence valid نہیں ہے لیکن آج تک اس کے خلاف action نہیں ہوا، ہم action لیں گے۔ 161 لوگوں کو suspension letters جاری کر دیے گئے ہیں، 28 کی termination ہو گئی ہے، ان شاءاللہ دو ہفتوں میں اس میں ملوث پائے جانے والے تمام لوگ، ضروری نہیں 262 ہوں، plus بھی ہو سکتے ہیں، minus بھی ہو سکتے ہیں لیکن process جاری و ساری ہے اور تمام لوگوں کے خلاف strict action لیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وزیر صاحب! میں سمجھتا ہوں کہ everybody has a lot of interest in this, اگر آپ ایوان کو بھی occasionally brief کر دیا کریں you know everybody will تو Aviation Committee کو بھی کر دیا کریں، be apprised of the situation. گیان چند صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Gianchand regarding discrimination and insecurity felt by Parsi Community

سینیٹر گیان چند: شکریہ، جناب چیئرمین! میرا point of public importance Parsi community کے حوالے سے ہے۔ Parsi community کے جمشید نصروان جی جنہیں modern Karachi کا pioneer کہا جاتا ہے، ان کی خدمات کی وجہ سے حکومت پاکستان نے postal stamp بھی جاری کی تھی۔ کچھ decades پہلے وہ آٹھ، دس ہزار کے قریب تھے، اب کوئی ہزار، پندرہ سو کے قریب رہ گئے ہیں۔ ان کی خدمات میں NED University ہے، Spencer Eye Hospital ہے، Mama Parsi School ہے، Anklesaria Hospital ہے۔ ان کی

education, business, charity, health sectors میں بڑی خدمات ہیں۔ لیکن یہاں پر وہ insecure محسوس کرتے تھے اور discrimination محسوس کرتے ہوئے ان کی population آٹھ، دس ہزار سے کچھ بڑھنی چاہیے تھی لیکن اس کی بجائے کم ہو گئی ہے۔ جو recent چیز ہے اور میں اس پر بات کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے بنشہ انکل سریا ہیں جو کہ business community سے تعلق رکھتے ہیں پارسی کمیونٹی کی insecurity کے احساس کو دور کرنے اور ان کو onboard رکھنے کے لیے محترمہ بینظیر بھٹو نے انکل سریا کو آفر کی تھی کہ آپ کو MPA کی سیٹ دیتی ہوں اور وہ 1993 میں میرے ساتھ MPA بھی رہا ہے۔ اب NAB کی طرف سے ان پر ایک جھوٹا کیس ڈالا گیا ہے اور NAB credibility سب کے سامنے ہے اور سپریم کورٹ اس پر اپنی observations بھی دے چکی ہے۔ اس کے ساتھ جو باقی لوگ تھے ان سب کی bail ہو چکی ہے اور وہ اکیلا ہے جو جیل میں پڑا ہے۔ ٹھیک ہے اسے کورٹ کو decide کرنا ہے لیکن یہ کراچی کا کیس ہے اور بنشہ بھی کراچی کا رہنے والا ہے لیکن اس کو اڈیالہ جیل میں رکھا گیا ہے اور یقیناً اس کے ساتھ اچھی treatment نہیں ہو رہی ہے اور اسے آسانی کے ساتھ فیملی سے ملنے کا موقع بھی نہیں مل رہا۔ جب پاکستان بنا تھا تو ہمارے ہندو 25% تھے جو کہ اب 5% بھی نہیں رہے تو خاص طور پر پارسی کمیونٹی نے ہمیشہ پاکستان کی خدمت کی ہے چاہے وہ business, charity یا پھر کسی اور جگہ ہو۔ یہ بہت پرامن لوگ ہیں، انہوں نے ہمیشہ میرٹ پر کام کیا ہے اور اگر آج ان کا ایک businessman custody میں ہے تو اسے fair treatment ملنا لازم ہے۔ میری یہ درخواست ہے اور میں یہ اس ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں کہ ان کے grievances کو دور کرنے کے لیے یہ کیس آپ Human Rights Committee کو یا پھر Interior Committee کو refer کریں۔

Mr. Deputy Chairman: Gian Chand Sahib! I am aware of the Parsi community and their contributions and it has مجھے ابھی سیکریٹری صاحب بتا رہے ہیں کہ یہ matter already کسی نے اٹھایا تھا already been referred to the Committee and I will check that which Committee it has been referred to نہیں تو یہ معاملہ ہم Human Rights Committee کو refer کر دیتے ہیں۔

سینیٹر گیان چند: ٹھیک ہے جناب۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی مشاہد صاحب۔

Point of Public Importance by Senator Mushahid Hussain Sayed regarding shifting of leading Kashmiri freedom fighter Asiya Andrabi to the isolation and punishment ward of Tehar Jail

Senator Mushahid Hussain Sayed: I just have very brief points of public importance. Yesterday one of the very leading freedom fighters in Occupied Kashmir, Asiya Andrabi Sahiba

جو کہ دختران ملت کی لیڈر ہیں اور دو، تین سال سے قید ناحق میں ہیں، ایک سیاسی قیدی ہیں ان کو تہاڑ جیل کے isolation ward, punishment ward میں شفٹ کر دیا گیا ہے اور Modi regime نے یہ بڑا serious crime کیا ہے اور وہ ایسی خاتون ہیں جنہوں نے 14 اگست 2015 کو سری نگر میں پاکستان کا جھنڈا لہرایا تھا اور اس کے بعد ان کو پکڑ لیا گیا، Ashiq Faktoo Sahib ان کے شوہر گزشتہ 23 سال سے قید میں ہیں اور ان کے دونوں بیٹوں محمد بن قاسم اور احمد بن قاسم کو میں جانتا ہوں اور ہم ان کے ساتھ solidarity express کرتے ہیں اور تہاڑ جیل وہ ہے جہاں پر یاسین ملک صاحب بھی ہیں، یہ وہ جیل ہے جہاں پر افضل گرو کو شہید کیا گیا اور جہاں مقبول بٹ کو بھی شہید کیا گیا تھا۔ یہاں پر حکومت کے لوگ بیٹھے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ Kashmir issue is above party politics and this is very serious issue اور 5 اگست کے حوالے سے مجھے ہاؤس نے، چیئرمین صاحب اور آپ سب نے instructions دی ہیں اور مجھے اس حوالے سے Resolution تیار کرنی ہے اور اس دن ہماری special sitting ہو گی لیکن اس سے پہلے یہ آسیہ اندرابی کا کیس ہے and she is 58, 59 years old اور ان کی طبیعت بھی ناساز ہے اور صحت بھی خراب ہے اور ان کے لیے آواز اٹھائی جائے and we should take it up with the United Nation's Human Rights Council with all leading bodies, کشمیری جدوجہد میں ان کی بڑی خدمات ہیں اور ان کے ساتھ ظلم وزیادتی کا خاتمہ ہونا چاہیے اور ویسے بھی 5 اگست کے بعد

سےOccupied Kashmirکے 15 ہزار کشمیریوں کو قید ناحق میں رکھا گیا ہے۔ بہت بہت شکریہ۔

Mr. Deputy Chairman: Mushahid Sahib! Thank you for bringing it in our notice and I think we should also bring an independent resolution for her and I would appreciate if you move it. Thank you. Usman Sahib! Please.

Point of Public Importance by Senator Muhammad Usman Khan Kakar regarding taking of illegal money from mine owners by FC personnel in Balochistan

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ:جناب چیئرمین صاحب!مہربانی۔میں public importanceپر بات کرنا چاہتا ہوں۔ہمارے صوبے میں صنعت تو ہے ہی نہیں،80فیصد agriculture پانی اور ڈیم نہ ہونے کی وجہ سے تباہ ہو چکا ہے، چمن بارڈر پر تجارت پچھلے پچاس دن سے مسلسل احتجاج کی وجہ سے بالکل بند کر دی گئی ہے اور وہاں پر صرف ایک شعبہ ہے جو کہ minesیعنی معدنیات کا ہے اور خدا نے وہاں پر سونے سے لے کر کوئلے تک تقریباً پچاس کے قریب معدنیات کی اقسام رکھی ہیں۔ ہمارا ایک ڈسٹرکٹ ہرنائی ہے جو کہ بہت ہی پسماندہ ہے وہاں پر سڑکیں بھی نہیں ہیں، کوئی communicationکے ذرائع نہیں ہیں۔ وہاں پر انگریز کے وقت سے کوئلہ نکل رہا ہے اور پنڈی سے جو Pakistan Mineral Development Corporationہے وہ تقریباً1957 سے کام کر رہی ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ وہاں پر کچھ حصہ تو پنڈی سے چلایا جا رہا ہے اور زیادہ حصہ عام لوگ خود ہی چلا رہے ہیں۔ ہر صوبے میں یہی طریقہ کار ہے اور ہمارے صوبے میں بھی یہی ہے کہ وہاں کے مقامی لوگوں کو mines allotکی جاتی ہیں اور مقامی لوگMines Departmentکی requirementsکو پورا کرتے ہیں لیکن ہرنائی ایسا بدقسمت ضلع ہے کہ وہاں مقامیوں کی بجائے غیر مقامی لوگوں کو بہت زیادہ mines allotکی جا چکی ہیں۔ خوست جو کہ شاہ رگ سے ملحقہ ہرنائی ضلعے کا علاقہ ہے وہاں پر ایک شیخ اسلام نامی شخص کو بہت زیادہ علاقہ الاٹ کر کیا گیا ہے جو کہ غیر قانونی بھی ہے کیونکہ وہ شیخ اسلام ٹیکس کی ادائیگی بھی نہیں کرتا اور وہاں کے لوگوں نے اس کے خلاف agitationشروع کی جس کے نتیجے میں یہ بات صوبائی اسمبلی تک

جا پہنچی جہاں پر ہمارے ساتھی بابر صاحب تھے جنہوں نے غیر قانونی minesکو cancel کروایا بعد میں سعید آغا اور حسن نامی شخص اپنے ایک اور ٹولے کو لے آئے اور لوگوں کی زمینوں پر جہاں پر ان کی minesبھی ہیں وہاں پر قبضہ کر لیا گیا اور پھر اسے protectionدینے کے لیے FC کے حوالے کر دیا گیا۔

Mr. Deputy Chairman: Usman Sahib! Please tell us what would you like us to do?

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جی میں اسی پر آرہا ہوں یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔ پھر جب سعید آغا کے حوالے کر دیا گیا اور وہاں پر FC کو لایا گیا تو FC والے اس وقت تقریباً 132 روپے فی ٹن لے رہے ہیں جو کہ وہ اپنی طرف سے لے رہے ہیں اور اس کا کوئی قانون نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: عثمان صاحب! کیا لے رہے ہیں؟

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: بھتہ لے رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کس سے لے رہے ہیں؟

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب! عوام سے، وہاں پر minesوالوں سے لے رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ مجھے کوئی specific issueبتائیں تاکہ میں اسے۔۔۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: اگر میں آپ کو تفصیل نہ بتاؤں تو آپ اس پر کچھ نہیں کر سکتے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں آپ سے detailہی تو مانگ رہا ہوں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: میں آپ کو detailکے ساتھ سب کچھ بتادوں گا آپ بس مجھے تین، چار منٹ دے دیں۔ FC والے اپنے پاس سے غیر قانونی طور پر 120 روپے فی ٹن بھتہ لے رہے ہیں اور اب وہ 270 روپے لے رہے ہیں۔ نمبر 1۔ کوئلے پر محکمہ Mines Provincial Governmentکا جو قانونی ٹیکس ہے وہ 135 روپے لے رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: عثمان صاحب! کوئی specificچیز مجھے بتادیں کہ کس سے لے رہے ہیں۔ کسی آدمی کا نام بتائیں تاکہ میں اس کو کسی کو referکروں جو اس کو دیکھیں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب چیئرمین! میں اس طرف آرہا ہوں۔ وہاں پر مسئلہ یہ ہے کہ FC پورے ضلع سے ٹیکس لے رہی ہے۔ وہ یہ ٹیکس غیر قانونی طور پر وصول کر رہے ہیں۔ کوئی آئین اور قانون میں نہیں ہے۔ لوگ محکمہ Minesکو ٹیکس دے رہے ہیں۔ وہ علیحدہ لے رہے ہیں۔ No. 1,

سیاسی activity نہیں چھوڑ رہے ہیں ,2 .No وہاں پر militants ہیں۔ وہ علیحدہ 200 روپے ٹیکس لے رہے ہیں۔ Militants آکر وہاں پر Mines مالکان کو کہتے ہیں کہ آپ یہ نہیں چلا سکتے ہیں۔ لوگوں کو مارتے بھی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ کہاں پر ہو رہا ہے؟

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: یہ ضلع ہرنائی میں خاص کر شاہ رگ اور خوست میں اور زردالو میں۔ ابھی میں آپ کو بتا رہا ہوں۔ یکم جون سے لے کر 7 جون تک ایک ہفتے میں وہاں پر militants جلوس کی شکل میں آ گئے۔ FC والے وہاں پر کھڑے تھے۔ ان لوگوں کو کہا کہ یہ ہماری mines کو جلا رہے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا کہ ہمیں اس کے بارے میں کوئی حکم نہیں ہے۔ لہذا ابھی آپ اندازہ لگائیں۔ ہمارے وہاں پر چرواہے ہیں اور ہم لوگوں کا livestock ہے FC والے ان کو پھر پکڑ کر لے گئے۔ دو آدمیوں کی لاشیں ملیں اور دوسروں کو چھوڑ دیا۔ پھر FC والوں نے معافی بھی مانگ لی۔ وہاں پر نیشنل پارٹی کا ایک کارکن تھا عبدالرازق وہ شہید ہو گیا۔ جناب چیئرمین! وہاں پر ایسی حالت ہے کہ آپ تصور بھی نہیں کر سکتے۔ جناب چیئرمین! یہ آپ کمیٹی کے حوالے کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: عثمان صاحب! آپ exactly مجھے لکھ کر دے دیجیے گا۔ We will refer this case to the Interior Committee. ٹھیک ہے۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: ٹھیک ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی، اکرم صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Muhammad Akram regarding unemployment and lack of opportunities in Balochistan

سینیٹر محمد اکرم: شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ چونکہ عثمان کاکڑ صاحب نے کہہ دیا۔ جناب چیئرمین! بلوچستان کا جو مسئلہ ہے جو Public Interest کا بھی مسئلہ ہے۔ تربت میں اس وقت شدید گرمی ہے۔ بجلی بھی وہاں پر موجود نہیں ہے۔

دوسرا مسئلہ بے روزگاری کا ہے۔ بلوچستان میں چونکہ صنعت اور زراعت نہیں ہے۔ تجارت پر بھی آج کل پابندی ہے۔ سارے بارڈر پر باڑ لگا دیے گئے ہیں۔ جناب چیئرمین! کل کے اخبار

میں CPEC کے حوالے سے آیا ہوا ہے۔ ابھی تک وہاں پر 60ہزار لوگوں کو نوکریاں دی گئی ہیں۔ 13ہزار لوگ تو ان کے اپنے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Specific issue بتائیں۔

سینیٹر محمد اکرم: 60ہزار کے قریب نوکریاں لوگوں کو دی گئی ہیں۔ میں CPEC کے حوال سے کہہ رہا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ CPEC بلوچستان کے حوالے سے صحیح پہچانا جاتا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ زمانہ بدل گیا ہے۔ میں مختصر کر کے اپنی بات کرتا ہوں۔ ایران کے چاہ بہار سے انڈیا out ہو گیا۔ چاہ بہار بھی بلوچستان ہے کیونکہ ایران سائیڈ پر جو لوگ رہے ہیں ہم ان کو ایرانی بلوچ کہتے ہیں۔ جناب چیئرمین! اب ایک نئی دنیا ہے اور نئی صف بندی ہے۔ میں اپنی بات کو مختصر کرتے ہوئے کچھ conflicts پر بات کرنا چاہتا ہوں۔ پہلے تو اس دنیا میں سرمایہ دارانہ نظام اور socialism کا conflict تھا۔ جناب چیئرمین! دو camps تھے۔ اب تو وہ دو camps نہیں رہے لیکن economy war ہے۔ کیونکہ آج مارکیٹ اور economy کی جنگ ہو رہی ہے۔ اب تہذیبوں کا تصادم ہے۔ مذہبی تعصب ہے۔ رنگ و نسل کا بھی مسئلہ ہے۔ مشرق اور مغرب کا بھی تصادم ہے۔ آپ دیکھ رہے ہیں کہ ٹرمپ یہ کہتا ہے کہ First America, first mean white. جناب چیئرمین! اسی طرح مودی ہندوازم کی بات کرتا ہے۔ ہندوتوا کی بات کرتا ہے۔ اسی طرح ایران ایک theocratic ریاست ہے۔ جناب چیئرمین! ہمارا نعرہ ہے نیا پاکستان لیکن ہمارے خیالات پرانے ہیں۔ یہاں پر پیری مریدی ہے۔ مست قلندر ہے۔ ہاتھ کی لکیروں سے اقتدار ملتا ہے۔ اقتصادیات خیرات اور چندے پر چل رہے ہیں۔ کوئی خیرات دے بھی ان کا بھلا اور نہ بھی دے ان کا بھی بھلا۔ ہم سائنسی ترقی سے دور ہیں۔ جناب چیئرمین! پاکستان میں چاند کا بھی جھگڑا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ مجھے کوئی issue نہیں بتا رہے ہیں۔ میں آپ سے جاننا چاہ رہا ہوں کہ آپ کے پاس کوئی public interest کا issue ہے؟

سینیٹر محمد اکرم: جناب چیئرمین! یہ سارے public interest کے issues ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مگر ان کے بارے میں آپ کیا کرنا چاہ رہے ہیں؟ آپ مجھے exactly بتا دیں۔ What is the Issue, that you want to do something about. آپ کیا کرنا چاہتے ہیں؟

سینیٹر محمد اکرم: جناب چیئرمین! میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ جو سارا تصادم ہے ہم اس کے شکار ہو رہے ہیں۔ پاکستان بھی اور بلوچستان بھی شکار ہو رہا ہے۔ جناب چیئرمین! میں CPEC کے حوالے سے تین چار مثالیں دے سکتا ہوں۔ ابھی ہماری Stock Exchange پر حملہ ہوا۔ پھر کراچی میں حملہ ہوا۔ پھر ابھی ابھی گوادر میں حملہ ہوا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے۔ Conclude کر لیں۔

سینیٹر محمد اکرم: جناب چیئرمین! ایک قسم کا conflict ہے۔ اس conflict کی وجہ سے ہم مزید مشکلات کے شکار ہو رہے ہیں اور خصوصاً بلوچستان کے لوگ اس کے شکار ہو رہے ہیں۔ بلوچستان کے لوگ ایک نئی صورت حال سے دوچار ہیں۔ وہاں سے لوگوں کی migration ہو رہی ہے۔ ہمارے اوارن کے لوگ اب حب میں آ گئے ہیں۔ ڈیرہ بگتی اور نصیر آباد کے لوگ سندھ کی طرف migrate کر گئے ہیں۔ کچھ ہمارے مکران کے لوگ بھی دوسرے علاقوں میں migrate ہو گئے ہیں۔ بلوچستان میں جنگی حالت ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Conclude کر لیں۔

سینیٹر محمد اکرم: جناب چیئرمین! میں یہ کہنا چاہتا ہوں۔ میں آخر میں conclude کر کے کہتا ہوں کہ یہ جو South China کی investment آ رہی ہے ۔ Middle East, Central Asia, ایران، افغانستان اور عرب ممالک میں جو نئی صورت حال بن رہی ہے، یہ جو ایک نئی دنیا ہے اور نئی صف بندیاں ہیں اس میں ایسا نہ ہو کہ ہم اس میں isolate ہوں اور ہماری صورت حال بد سے بدتر ہو کیونکہ ہماری اقتصادیات کمزور ہیں۔ جناب چیئرمین! میں conclude کرتا ہوں۔ میں نے نوکریوں کی مسئلہ اٹھایا تھا۔ CPEC کے حوالے سے میں کہہ رہا ہوں۔ مشاہد صاحب کو بھی پتا ہے کہ وہاں پر 60 ہزار نوکریاں لوگوں دی گئی ہیں۔ اس میں بلوچستان کا بھی حصہ ہوتا ہے۔ جناب چیئرمین! گوادر بندرگاہ بلوچستان میں ہے۔ سمندری راستے وہاں پر ہیں۔ دوسرے roads وہاں سے link ہوتے ہیں۔ Central Asia وہاں سے link ہونا ہے۔ ایران کے سارے بارڈرز وہاں پر موجود ہیں۔ Central Asia سے گیس آنے والی ہے۔ بلوچستان hub بننے والا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر شیری رحمٰن صاحبہ۔

Point of Order raised by Senator Sherry Rehman regarding Privilege Motion on contradictory statements by Aviation Division officials in the Committee Meeting

سینیٹر شیری رحمٰن:جناب چیئرمین!دو مختصر باتیں ہیں۔ ایک تو میں نے پھر سے Privilege Motion moveکیاہے۔کیونکہ وہ کہیں غائب ہوگیاہے۔

Mr. Deputy Chairman: I am asking for that Privilege Motion, I don't know where it is.

سیکرٹری صاحب!مجھےان کاPrivilege Motionدے دیں۔

Senator Sherry Rehman: So, basically what is happening is,

اس پر میرے ساتھ سینیٹر مشاہداللہ نے دستخط کیے ہیں۔ یہ تو نہیں ہو سکتا کہ آپ اس کو غائب ہی کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین:سیکرٹری صاحب!آپ اسPrivilege Motionکو مجھے یہاں پر فراہم کریں۔

Senator Mian Raza Rabbani

سینیٹر میاں رضا ربانی:سیکرٹری صاحب!آپ دیکھیں۔

Look at the Rules. The Privilege Motion is moved in the House. It is for the Chair to decide. Chairman doesn't mean Chairman Senate as such, means who is presiding over the House and it is for him to decide whether the Privilege is to be taken up or not. You can't just send it scuttling of to the office of the Chairman and say that it is being processed, that is not what the essence of the rules is. If I move up a privilege motion in the House, for me the Chairman is the person who is presiding over the House. It is for him to decide whether the privilege is in order or it is not in order. Where he gives me the permission to move the privilege or he doesn't give me

the permission to move the privilege. It is not to be given to the Secretariat to send it down for file work and then finding its way like Adjournment Motion or a Calling Attention Notice and then going to the Chairman for approval.

Kindly read the Rules what are that saying. آپRulesکو پڑھیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین:Privilegeہے کیا،آپ مجھے بتادیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی:دیکھیں،

Rule 70 is; "a member may with the consent of the Chairman raise a question", and who is the Chairman, the person who is presiding. 71, a member wishing to raise....

جناب ڈپٹی چیئرمین:شیری!آپ کے پاس کاپی ہے؟

سینیٹر شیری رحمٰن:کاپی دی ہے میں نے۔

Mr. Deputy Chairman: Do you have another copy? What is the privilege about?

Senator Sherry Rehman: I have got it in my phone.

جناب ڈپٹی چیئرمین:جی،جی پڑھ دیں۔

Senator Sherry Rehman: It is against what happened in the Civil Aviation meeting the other day when we asked questions about, there were several questions,

کچھ کا تو آج جواب مل گیا، معزز وزیر نے جواب دے دیا لیکن بہت سارے سوال، اور یہ میرا privilegeہے، میرےmembersکا ہے کہ ہم یہ سوال پوچھیں کہ we were not satisfied in the Committee. Therefore, we would like all the officials present that day to be called to the Privilege Committee and answer because ایک تو مجھے سخت تشویش یہ ہوئی کہ وزیر کی موجودگی میں، آدھا عملہ ان کے خلاف بول رہا تھا and I find that a very disturbing practice and here I will say that the Minister

should take action against them. مجھے کسی سے ذاتی عناد نہیں ہے لیکن اس میں بغض نہیں ہے، جو صورت حال ہے، یہ بڑی عجیب سی ہے کہ کمیٹیاں ڈھائی ڈھائی گھنٹے بات کر رہی ہیں اور ان کو کوئی واضح جواب نہیں مل رہا اور ہم بالکل مطمئن نہیں ہیں اس جواب سے۔ That is one thing. اس میں ان کے officials بھی involved ہیں۔ And I have great respect for any elected Advisor or Minister ان کا اپنے قلمدان پر بالکل ان کا حق ہے لیکن ہمارا بھی بالکل حق بنتا ہے کہ ہم ڈھائی ڈھائی گھنٹے کمیٹیوں میں بیٹھیں، مہینوں انتظار کریں اور اس کا کوئی جواب ٹھیک سے نہ ملے۔

So, we وہاں ان کا الگ سول ایوی ایشن کا مؤقف تھا اور وزیر کا الگ مؤقف تھا، would like that to be resolved in the Committee. Anyway, it is our right to take it to the Privilege Committee. Now having said that I think that is all you needed to do and when I give it here, it has to be passed and send to the Privilege Committee. Instead of it being suggested کہ نہیں یہ دبا دیا جائے۔ پھر سے sign کرنا پڑے گا۔ مشاہداللہ صاحب، آپ sign کریں۔ مطلب یہ practice غلط ہے کہ غائب کر دیا جائے اور وہ نظر ہی نہ آئے۔ یہ بالکل نہیں ہونا چاہیے۔ And Privilege should be revived. رضا ربانی کا بھی نام ڈالدیں۔ یہ بھیج دیں چیئرمین صاحب کو۔

مسئلہ یہ ہے کہ اس میں، اس کے بارے میں بات نہیں کرنی چاہیے تھی ۔ آج exhaustive بات ہو گئی۔ We will take this up in the appropriate Committee and with due respect everybody. ٹھیک ہے؟ آپ اگر اس کو آگے Privilege Committee میں بھیج دیں، ہدایت دیں تو جائے گی۔ اب اگر غائب ہو گئی اس کے بعد تو میں دیکھوں۔

My main issue right now, Leader of House! I am still speaking please.

چلیں آپ بات کر لیں۔

Senator Dr. Shehzad Wasim, Leader of the House

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم (قائد ایوان): جناب چیئرمین! جو معزز ممبران کا privilege یقیناً بڑا اہم ہے مگر میں صرف ایک technical بات سامنے رکھنا چاہتا ہوں جس privilege کی بات کر رہے ہیں، جو مجھے سمجھ آئی ہے ، issue یہ ہے کہ سینیٹ کی Standing Committee کے اندر جو بھی وہاں پر بات چیت ہوئی، honourable Member سمجھتی ہیں کہ ان کے جو آفیسر کے جوابات تھے یا جو وہاں کی proceedings تھیں، ان سے یہ satisfied نہیں ہیں۔ As a matter of principle آپ اس کو دیکھ لیں کیونکہ کمیٹیوں کی meetings روزانہ ہوتی ہیں، کمیٹیوں کی meetings میں officials آتے ہیں، بات چیت ہوتی ہے، members satisfied ہوتے ہیں، members satisfied نہیں ہوتے ہیں تو یہ بھی دیکھ لیں کہ ہم کیا principles رکھنا چاہ رہے ہیں اور جو principle بنے گا یہ پھر سب کے لئے ہوگا اور یہ ہر کمیٹی کے لئے ہوگا۔ اس لئے دیکھ لیں کہ اگر اس کا کوئی اور tool ہے تو اس طریقے سے بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ان کا concern address ہو جائے۔ مگر میں privilege کے حوالے سے سمجھتا ہوں کہ اس کو آپ دیکھ لیں کیونکہ ہر کمیٹی میں یہ والا issue آئے گا۔ یہ صرف ایک کمیٹی تو نہیں ہر روز کمیٹیوں کی meetings ہوتی ہیں اور ہم بھی ان میں جاتے ہیں اور لوگ کئی جوابات سے نہیں satisfy ہوتے ہیں۔ کئی دفعہ آفیسرز نہیں آتے ہیں، اس پر issues آتے ہیں مگر اگر ہر کمیٹی میں ہم privilege issues لیں گے تو I do not know اس کی کیا صورت بنے گی۔ اس کو دیکھنا یہ چاہیے کہ اس concern کو address کرنے کے لئے ہم کیا طریقہ کر سکتے ہیں تاکہ یہ مسئلہ once and for all resolve ہو جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر صاحب۔ ان کو بھی سن لیں۔

جناب غلام سرور خان (وزیر برائے ایوی ایشن ڈویژن): پچھلے ہفتے Standing Committee on Aviation کی میٹنگ ہوئی ، مشاہداللہ خان صاحب نے chair کی، شیری رحمٰن بھی اس کی رکن تھیں۔ ایجنڈے میں یہ item نہیں تھا، ہماری fulltime presence رہی، میری presence رہی، میرے سیکرٹری کی presence رہی اور in detail discussion ہوئی۔ Questioning ہوئی، cross examine بھی ہوئے

اور full proceedings ہوئیں، full participation ہوئی اور آج Calling Attention پر بھی، جب Calling Attention Notice دیا گیا، اس میں بھی ہم تھے، privilege کہاں breach ہوا؟ کس capacity میں، کس rule کے تحت privilege ان کا breach ہوا ؟ ان کا privilege individually breach ہوا یا Standing Committee کا privilege breach ہوا یا اس معزز ایوان کا privilege breach ہوا، کس capacity میں یہ privilege motion move کر رہی ہیں؟ میرا point of view یہ ہے جی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی رضا ربانی صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین! جو میں بات سمجھ سکا ہوں وہ یہ ہے کہ perhaps the word that was used was incorrect that there was dissatisfaction in the committee of what was said.

I think the main issue is that the Committee and the members of the Committee are of the point of view that essentially the officials withheld facts and did not come abreast clean with all the facts that should have been laid on the Table and therefore, that is the breach of privilege; withholding of facts.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر شیری رحمٰن۔

Senator Sherry Rehman

Senator Sherry Rehman: I will be very clear again that yes! We were dissatisfied and dissatisfaction per se, happens in every committee, many members, that is not the issue. The wording here and I thought that you have seen it because it should have come to you. The wording here was that they have made totally contradictory statements on the crucial issue of fake licenses and published in the electronic media.

They did not bring the knowledge needed or the information needed to the questions asked and we have right to information as a Standing Committee. So, this has been signed by myself and the Chairman of the Committee. And it seems there is contest on answering questions or bringing to a next forum where information is sought.

جناب ڈپٹی چیئرمین: وزیر صاحب۔

جناب غلام سرور خان: Dissatisfaction سے کوئی privilege breach نہیں ہوتا۔ اگر یہ satisfaction چاہتی ہیں تو Next Standing Committee میں یہ ایجنڈے پر لے آئیں اس item کو۔ کسی motion کی صورت میں اس ایوان میں لے آئیں ۔ Calling Attention Notice کی صورت میں کوئی question ان کا رہتا ہے اس ایوان میں لے آئیں۔ میں مطمئن کرنے کے لئے تیار ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شیری صاحبہ۔

Senator Sherry Rehman: Minister deferring to your need to not to be brought into the Privilege Committee because there seems to be some worry about coming to the Privilege Committee. Dissatisfaction, it may not be ground but certainly not bringing information on the crash of Pakistan International Airline constitutes serious grounds of privilege. Both of your officials, the Civil Aviation and your own honourable Sir, however, if you are deeply uncomfortable and there seems to be great resistance from all the house of powers here to not bring anybody to the Privilege Committee as a breach. Having said that, I would request the Chairman, Standing Committee on Aviation, Senator Mushahidullah to put it up again as a formal agenda item in the Aviation Committee. We can bring it up there because they said

they were there. Now, one thing that did not happen in that Committee, was the discussion on the air crash, in the presence of PIA CEO.

ان کی عدم موجودگی کا ہم نے بار بار نوٹس لیا ہے۔ وزیر آ جاتے ہیں، عملہ پورا آ جاتا ہے، ان میں کھلا تضاد ہوتا ہے۔ Air crash پر کوئی خاص discussion نہیں ہوئی کیونکہ اس کے بعد تو پوری airline کو گرا دیا گیا۔ پھر کہا جا رہا ہے کچھ نہیں ہوا، کوئی privilege breach نہیں ہوا۔ میں تو مستعفی ہو جاتی، میں نے تو کہا تھا that I would have resigned after the crash as well as after what happened to PIA, because of these are میں یہ نہیں کہہ رہی کہ اس میں میری یا وزیر کی کوتاہی ہوتی مگر my officials. the finest traditions of democracy everywhere in the world, آپ کی وزارت میں train accident ہوتا ہے، ایک کے بعد دوسرا حادثہ ہوتے ہیں، ہندوستان میں بھی ریلوے وزیر استعفیٰ دے دیتے ہیں، یہاں تو سو ہو چکے ہیں۔ اتنے بڑے air crash کے بعد، میں تو کہتی ہوں کہ ہمیں اس طرح کے عملے کی کوئی ضرورت نہیں ہے جو وہاں پر بیٹھ کر ہمیں درس دیں کہ نہیں، ہم صحیح ہیں، اتنے زیادہ لائسنسز بھی صحیح ہیں۔ آج تک انہوں نے متعین نہیں کیا کہ ان لائسنسوں پر کس نے دستخط کئے۔ In that Committee it was not answered, the information was not given on who signs on those licences, what is the process? Mustafa Khokhar is not here, انہوں نے بہت کوشش کی cross questioning کی، literally like a lawyer on a bench, لیکن کچھ نہیں ہوا۔ اگر اتنی تکلیف ہے کہ privilege بھی نہ ہو تو پھر وہاں آ جائیں۔ ہمیں کسی کی ذات سے مسئلہ نہیں ہے، I feel, particularly, sad and sorry for a Minister who has to have a staff sitting next to him, arguing with him. وزیر صاحب! آپ ان کو فارغ کریں، یہ آپ کی صوابدید ہے۔ کسی کو تو فارغ کریں، اگر کسی کا سر roll نہیں ہو گا تو یہ پھر پاکستان کے ساتھ، جمہوریت کے ساتھ، پی آئی اے کے ساتھ اور ہمارے اداروں کے ساتھ بہت بڑا مذاق ہے۔ میں کسی کے خلاف witch-hunt پر نہیں ہوں but I am appalled کہ کہیں پر جوں نہیں رینگتی ہے۔ ہم اپنے privileges، اپنے perquisites اپنے عہدے، اپنا سب کچھ رکھنا

چاہتے ہیں، دنیا جو چاہے کرے، جو سوال پوچھا جائے، ہم کمیٹی میں نہیں آئیں گے۔ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ اس سے زیادہ کیا breach of privilege ہوتا ہے کہ وزیر اور ادارہ آپ کو جواب نہ دے سکے۔

It is not a question of satisfaction, they bickered for two and a half hours after the airline had crashed, over the cause. It was not that the air crash was never discussed because the PIA CEO is not answerable to the Minister. It seemed that the Civil Aviation Staff is not even answerable.

مجھے تو یہی لگ رہا تھا، آپ کسی بھی ممبر سے پوچھ لیں، لگ تو یہی رہا تھا۔ مجھے تو افسوس ہو رہا تھا یہ وزیر صاحب کے ساتھ کیا کر رہے ہیں۔ In that context I suggested that honourably one should relieve oneself کہ یہ لوگ میرے قابو میں نہیں ہیں۔ اگر قابو میں نہیں ہیں اور آپ کے جواب میں تضاد ہے تو اس کا یہی مطلب ہوتا ہے۔ آپ کا عملہ یہاں پر کھڑے ہو کر ایک hearing میں contradict کرنا شروع کرے،

how does that make you look? You should have one exact message for such a powerful event that has taken place, not only as a crash taken place but the airline itself, as an institution, had been brought down to its knees. It will take years, and it is not just the airline, I want to contend that it is not just the airline, PIA is the National Flag Carrier. In my view, you brought the national flag on the ground. You had it grounded, you brought a reputational loss to it, not yourself, minister, I am not attacking you, but your staff.

آپ بے شک کہہ لیں کہ پچھلی حکومتوں نے کیا، آپ بے شک کہہ لیں، ہماری بھرتیوں نے یہ کیا لیکن بار بار لائسنسوں کی بات ہوئی، آپ تو ویسے ہماری کوئی بات نہیں سنتے، آپ نے ان لائسنسوں کی چھان بین کیوں نہیں کی؟ کیا Civil Aviation آپ کو رپورٹ کرتی ہے یا نہیں کرتی؟ کون اس ملک کو چلا رہا ہے،

who reports to whom because it seems PIA does not. They do not even come when you are sitting here. You are the elected Minister.

اگر میں وزیر ہوتی اور میرا عملہ وہاں پر جواب دینے نہیں آتا تو اسی دن سب کی چھٹی۔ میں نے Information Ministry میں کی تھی، ڈنکے کی چوٹ پر کی تھی۔ اگر اس پر اونچ نیچ ہوئی then I will resign. There are costs to that but you will go down in history and we need to be making history کیونکہ جس طرح کی کالی تاریخ اس ملک میں رقم ہو رہی ہے اس سے تو مجھے شرم آ رہی ہے۔ روز روز شرم آ رہی ہے کہ یا تو ہم ایک دوسرے سے coordinate نہیں کر سکتے، ایک عملہ air crash discuss کرنے آیا ہے۔ آپ تو licenses discuss نہیں کر رہے، بالکل آپ صحیح کہہ رہے ہیں۔ پورے پی آئی اے ادارے کے crash کی بات نہیں ہونے والی تھی۔ میں تو سوچتی that is the first question I will have to answer and obviously you know that مگر وہاں پر پی آئی اے air crash اتنے بڑے سانحہ کی بات ہوئی۔ ساری دنیا میں اس کی گونج اٹھی لیکن آپ کے CEO وہاں پر نہیں آئے۔ He is above answering a Parliamentary Committee. We were not communicated right after an air crash, he could not come. بار بار یہ ہو رہا ہے وہ اپنے PR کے بندے کو بھیج دیتے ہیں۔ وزیر جیسی ہستی جب بیٹھی ہے، air crash کے بعد پہلی meeting Civil Aviation کی ہو رہی ہے۔ قومی اسمبلی میں بھی نہیں ہوئی، آپ وہاں پر کیوں جواب دینے کے لیے نہیں آئے؟ And why do you allow this kind of insult to take place? اگر آپ کی تذلیل ہو رہی ہے تو ہماری بھی ہو رہی ہے۔ معذرت کے ساتھ میں کہوں گی اس دن آپ کی تذلیل ہوئی ہے، مجھے بہت افسوس ہو رہا ہے، hearing you like this but it is an insult to Parliament, to parliamentarians, to elected ministers, what happened that day. آپ ریکارڈنگ نکال کر دیکھ لیجیئے اس دن کیا ہوا۔ آپ اتنے نزدیک بیٹھے ہیں، پورا Civil Aviation کا عملہ کچھ اور کہہ رہا ہے، وزیر کو جھٹلا رہے ہیں۔ I am going to accept the words of elected minister. ابھی تک بات گول مول،

technicalities میں آگے پیچھے ہو رہی ہے، کسی نے پی آئی اے air crash کی ذمہ داری نہیں لی۔ پی آئی اے national flag carrier کے زمین بوس ہونے کی ذمہ داری نہیں لی۔

Mr. Chairman! I want to know, I did not want to go about PIA, I still want to know

کہ جب ہمارا national flag carrier زمین پر کھڑا ہوتا ہے۔ آپ کہہ لیں، ہم خراب تھے، نااہل تھے، بھرتیاں کی تھیں لیکن کوئی وزیر دانستہ طور پر بیٹھ کر یہ نہیں دیکھ سکتا تھا کہ ان کے سامنے یہ کہا جا رہا ہے کہ ایئر لائن گر گئی ہے، نوٹس پر نوٹس آ رہے ہیں، سبکی ہو رہی ہے۔ میرے دل کو تو بہت دھچکا لگا ہے۔ Who is answering? Is it the Prime Minister? Is it going to be the Minister? Is it going to be the DG or the Secretary, Civil Aviation is the same person? Is it the CEO PIA? سارے کے سارے دستبردار ایک دوسرے کی طرف بال پھینک رہے ہیں۔ This is what happened. This is not how countries or institutions are run اس طرح ایئر لائن تو نہیں چل سکے گی۔ آپ لوگوں نے اس وقت بھی کوئی roadmap نہیں دیا کہ ہم اس طرح بحالی کر رہے ہیں۔ اس طرح تو ائرلائن نہیں چلے گی۔ I have no confidence in this kind of staff, I am shocked میں تو پھر پی آئی اے پر بیٹھ کر آئی ہوں، مجھے سب نے کہا، please do not go on PIA, please take a private airline, 'Serene' or 'Airblue' میں نے کہا میں کیا کروں، ہمیں عادت ہے، ہم پی آئی سے loyal ہیں۔ ہم تو international flights بھی پی آئی اے کی لیتے تھے۔ پھر مجھے کل کسی نے کہا کہ امارات تو چل رہی ہے، آ رہی ہے، جا رہی ہے، صرف ہماری پی آئی اے grounded ہے، پی آئی اے بیچاری کہاں جائے گی۔ اپنا emotional catharsis تو وزارتیں نہیں کرتیں۔ مجھے یاد ہے اسحاق ڈار صاحب ہمارے ساتھ وزیر بنے تھے، پہلی کابینہ میٹنگ میں this is what I have inherited, I was sitting with him as Information Minister, I said Dar sahib زیادہ مت کہیے گا، اب ہماری حکومت ہے کیونکہ وہ پہلا دن تھا، اب ہماری حکومت ہے آج سے ہمیں ذمہ داری لینی ہو گی۔ He said you are quite he wanted to demonstrate ایک مرتبہ کہنا صحیح ہوتا ہے

ہم یہ بات ہی نہیں کریں گے کہ ہم نے یہ right and he cut it short. After that inherit کیا، یہ تباہ کاریاں مشرف ہمیں دے کر گیا۔ فلاں یہ کر کے گیا۔ that it for the academics to do. آپ کی حکومت ہے، آپ یہ ذمہ داری لیں، مجھے بتائیں یہ privilege motion پوچھ رہا ہے۔

that who is taking responsibility because no one in that Aviation Committee after that air crash, took responsibility not even did they show up. That is breach of my privilege. Why did they not show up to answer about a crash in which over 200 people died? Those pilots that went down in the crash their licences were not fake,

وہ تو منسٹر نے خود بڑی خوش اسلوبی سے جواب دیا۔

But being tolerant of questioning is not enough. You have to take up responsibility for the people under you. That's all I want to say.

Mr. Deputy Chairman: Minister Sahib, Senator Sherry Rehman is willing to withdraw the privilege motion to take up the matter in the Committee again.

آپ اگر ان کو committee میں satisfy کر دیں تو اس کی ضرورت نہیں ہے۔

جناب غلام سرور خان: جناب میں نے خود تجویز دی ہے کہ next Standing Committee کے agenda میں اس item کو لے آئیں، ہم سے in detail discuss کر لیں۔

Mr. Deputy Chairman: Senator Sherry Rehman are you Ok the Minister's offer?

Yes, کیونکہ اس privilege کا decision آپ نے لینا ہے یہ آپ نے move کیا ہے۔ then the CEO, PIA, کو آپ پابند کریں کہ وہ آئیں۔

جناب غلام سرور: جناب میں ان کی presence بھی ensure کرتا ہوں کہ وہ بھی آئیں گے ذمہ دار آدمی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے۔ Senator Sherry Rehman, so the privilege is withdrawn. سینیٹر مشاہداللہ خان صاحب۔

Senator Mushahid Ullah Khan

سینیٹر مشاہداللہ خان: منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں ان کے سامنے ایک دو باتیں کرنا چاہتا ہوں۔ جس privilege کی بات ہوئی ہے میں وہ بات بتانے لگا ہوں جو privilege breach ہو چکا ہے۔ مثلاً چیئرمین صاحب آپ نہیں صادق سنجرانی صاحب کو ایک application آئی کہ PIA میں sexual harassment ہوئی ہے۔ انہوں نے بات کر کے میری طرف بھیج دیا وہ ایک لڑکی تھی اس نے مجھے بھی بھیجا تھا یہ ایک لمبی چوڑی کہانی ہے۔ اب جو privilege breach ہوا ہے وہ پتا ہے کیا ہے؟ وہ بندہ جس نے یہ کیا ہے وہ آج تک Standing Committee میں پیش ہی نہیں ہوا۔ بلکہ اس لڑکی پر دباؤ ڈال کر تو دوبارہ وہ بھی meeting میں نہیں آئی۔ ظاہر ہے اس کو دبا لیں گے ان کے اوپر لگا ہوا ہے اور Air Marshal صاحب کا بڑا خاص آدمی ہے۔ ابھی بھی وہ case ختم نہیں ہوا لیکن وہ پیش نہیں ہوتا۔ وزیر صاحب، سیکریٹری آ جائے گا وہ کوئی اتنا اہم ترین آدمی ہے جس نے واردات ڈالی ہے، ڈالی ہے یا نہیں ڈالی میں اس چکر میں نہیں ہوں لیکن یہ in writing report آئی ہے اور telephone بھی آیا ہے۔ Privilege تو breach ہوا ہے کہ وہ آ ہی نہیں رہا اور وہ آ کر بتانے کو تیار ہی نہیں۔ وہ مانتا ہی نہیں ہے تو اس سے بڑا breach کیا ہو گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: منسٹر صاحب آپ ensure کریں کہ وہ Committee میں آئیں اگر آپ ensure کریں گے تو سارا مسئلہ ہی حل ہو جائے گا۔

جناب غلام سرور خان: جناب میں نے تو ensure کر دیا ہے کہ وہ آئیں گے جو جو items agenda میں رکھنے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر مشاہداللہ خان صاحب۔

سینیٹر مشاہداللہ خان: دیکھیں میں specific بات کر رہا ہوں تاکہ یہ اس پر تیاری کریں۔ ایسے خالی باتیں ہیں کہ آ جائیں، مجھے پتا ہے کہ یہ آ تو جائیں گے اور مجھے پتا ہے کہ یہ آ جاتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر مشاہد اللہ خان صاحب وہ floor of the House پر کہہ رہے ہیں۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: یہ مجھے پتا ہے کہ یہ آ جاتے ہیں۔ میں کب کہہ رہا کہ یہ نہیں آتے۔

Mr. Deputy Chairman: He is saying everybody else who is required will come..

اب اس سے زیادہ you cannot expect from the honourable Minister.

سینیٹر مشاہد اللہ خان: میری اگلی بات تو سن لیں میں تو وہ بات کر رہا ہوں جو already breaches ہو چکے ہیں۔ ایک میں نے بتا دیا اب اس پر اگلی meeting میں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر مشاہد اللہ خان صاحب آپ specific breach جمع کروائیں۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: آپ میری بات تو سن لیں۔

جناب غلام سرور خان: تمام breaches کا میرے پاس حل تو نہیں۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: آپ کے پاس حل ہے کیونکہ آپ کے سامنے باتیں ہوئیں ہیں۔ حل آپ کے پاس نہیں ہے تو پھر آپ کس لیے وزیر بنے ہوئے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر مشاہد اللہ خان میں نے ایک motion move کرنا ہے۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: ایک منٹ آپ میری بات تو سن لیں۔ آپ کے نوٹس میں تو ہونا چاہیے، سارے لوگوں کے نوٹس میں ہونا چاہیے کہ PIA میں ہو کیا رہا ہے۔ سینیٹر محسن عزیز صاحب دو منٹ بات تو سن لیں۔

جناب غلام سرور خان: جناب چیئرمین! Discussion بھی یہ کر رہے ہیں، Calling attention تھا اس کا reply میں نے دے دیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وہ تو dispose of ہو گیا ہے۔

جناب غلام سرور خان: اس کے علاوہ public importance پر انہوں نے بات کرنی چاہی کر لی۔ اس طرح بار بار اٹھ کر کسی کی پگڑی اچھالنا، اس طرح کی باتیں کرنا مناسب نہیں ہے۔ ٹھیک ہے اگر کوئی issue ہے تو آپ اس کو Standing Committee میں لائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر مشاہداللہ خان صاحب آپ اس کو Committee میں لے لیجیے گا۔انہوں نے کہا ہے کہ committee میں لے لیں۔

جناب غلام سرور خان: کوئی specific issue ہے تو standing committee میں لائیں ہم آپ کی ہر بات کا جواب دیں گے۔ ہم آپ کی طرح تھوڑا ہیں۔اس طرح کی گفتگو نہ کریں آپ کے لیے مناسب نہیں ہے۔

سینیٹر مشاہداللہ خان: جو چیز record پر ہے میں نے وہ بات کی ہے۔پوچھ لیں میری بات ذرا سی ادھر سے ادھر نہیں ہوتی میں کوئی PTI کا آدمی نہیں ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر مشاہداللہ خان صاحب اپنی committee میں اس کو لے لیجیے گا۔

سینیٹر مشاہداللہ خان: جناب میں دوسری بات یہ کر رہا ہوں کہ ایک اور فیصلہ ہوا جو لوگ نکلے تھے ان کے سامنے ہوا ہے انہوں نے کہا کہ اور انہوں نے سپریم کورٹ میں کہا تھا کہ آپ بنائیں،اچھا ان میں سب کی ڈگریاں خراب نہیں ہیں کچھ double jeopardy کے cases ہیں کچھ اور cases ہیں، مختلف types کے cases ہیں۔ کچھ کے حق میں عدالتوں نے فیصلے کیے ہوئے ہیں۔ یہ مہینوں پرانی بات ہے یہ فیصلہ ہو چکا انہوں نے کہا کہ ہم کریں گے لیکن ابھی تک نہیں کیا اور breach کیا ہوتا ہے،اس کا ذمہ دار کون ہے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر مشاہداللہ خان صاحب آپ specific breach file کریں اگر کوئی ہے۔

سینیٹر مشاہداللہ خان: اب یہ بچے وہاں پر بیٹھے ہوئے ، چھٹیاں ہوئی ہیں نہیں ہوا۔یہی breaches ہوتے ہیں اور کیا ہوتے ہیں۔ میں یہی کہہ رہا ہوں کہ اس کو انہیں seriously لینا چاہیے بجائے اس کے کہ الزامات لگانا شروع کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، سینیٹر مشاہداللہ خان صاحب، سینیٹر مشاہد حسین سید آپ motion move کریں۔

Motion under Rule 263 for dispensation of rules

Senator Mushahid Hussain Sayed: Thank you very much for taking this initiative and also my other

colleagues. I, Senator Mushahid Hussain Sayed move that under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 the requirements of Rules 25, 29 and 133 of the said rules be dispensed with in order to move a resolution.

Mr. Deputy Chairman: It has been moved under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 that the requirements of Rules 25, 29 and 133 of the said rules be dispensed with in order to move a resolution.

(Motion was carried)

Mr. Deputy Chairman: The motion is carried. Please move the resolution.

Resolution regarding condemning the moving of Kashmiri political prisoner Asia Andrabi to isolation punishment ward of notorious Tehar Jail, New Delhi

Senator Mushahid Hussain Sayed: The Senate of Pakistan taking note of the plight of the brave political prisoner in Indian Occupied Kashmir, Mohtrama Asia Andrabi Sahiba, the leader of *Dukhtran-e-Millat* who is illegally detained in Tehar jail in New Delhi condemns her moving to the isolation punishment ward of Delhi's notorious Tehar jail and sees this action of the Modi regime against an innocent person whose only crime is raising her voice for *Azadi* as grave violation of human rights and a crime against of people of Indian Occupied Kashmir.

The Senate of Pakistan expresses full solidarity with Asia Andrabi Sahiba;

Salutes her courage and that of all other political prisoners in Indian Occupied Kashmir and urges her immediate release from illegal imprisonment.

The Senate urges the Government of Pakistan to take up the issue of Mohtrama Asia Andrabi Sahiba at the United Nations Human Rights Council and other International relevant bodies so that the voice of the Kashmiri people is not stiffened by the bayonets of the Indian occupation army in Occupied Kashmir, thank you.

Mr. Deputy Chairman: Thank you Senator Mushahid Hussain Sayed Shahib, I now put the resolution before the House.

(The Motion was carried)

Mr. Deputy Chairman: The resolution is passed. Thank you very much.

سینیٹر محمد جاوید عباسی صاحب میں end کر رہا ہوں۔

The House stands adjourned to meet again on Monday, 27th July, 2020 at 03:00 p.m.

[The House was then adjourned to meet again on Monday, the 27th July, 2020 at 03:00 pm.]

Index

Makhdoom Shah Mahmood Hussain Qureshi.....57, 96
Mr. Murad Saeed 5, 51, 68
Senator Hidayat Ullah 98, 99
Senator Kalsoom Perveen.....51, 53, 91
Senator Lt. Gen. (R) Salahuddin Tirmizi 95
Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh.....15, 16, 17, 20, 29, 146
Senator Mohsin Aziz 67, 75, 102, 103, 104
Senator Mushahid Hussain Sayed 21, 155, 177, 178
Senator Mushtaq Ahmed.....69, 75, 84, 88, 106, 110
Senator Prof. Dr. Mehar Taj Roghani 24, 27
Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq 106
Senator Rana Mahmood Ul Hassan 5
Senator Samina Saeed 6, 53, 55
Senator Sassui Palijo 7, 39, 41, 97
Senator Seemee Ezdi 7, 57, 64
Senator Sherry Rehman 102, 106, 107, 131, 135, 162, 164, 167, 168, 173, 174
Senator Sirajul Haq.....45, 90, 97
Senator Walid Iqbal.....105
جناب علی محمد خان.....3, 4, 5, 16, 21, 22, 23, 55, 56, 57, 64, 66, 74, 81, 83, 84, 88, 89, 90, 112, 116, 117
جناب غلام سرور خان.....136, 144, 145, 152, 166, 168, 173, 175, 176
سینیٹر انجینیئر رخسانہ زبیری 23
سینیٹر دلاور خان 101
سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم 132, 135, 147, 165
سینیٹر ذیشان خانزادہ 56
سینیٹر رانا مقبول احمد 2
سینیٹر عبدالرحمٰن ملک 81, 82
سینیٹر کلثوم پروین 145
سینیٹر گیان چند 153, 155
سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل عبدالقیوم ہلال امتیاز ملٹری 67, 68
سینیٹر محسن عزیز 66, 67, 75, 80, 104, 176
سینیٹر محمد اکرم 160, 161, 162
سینیٹر محمد جاوید عباسی 119, 123, 124, 133, 179
سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ 89, 90, 101, 157, 158, 159
سینیٹر مشاہداللہ خان 69, 118, 148, 174, 175, 176, 177
سینیٹر مشتاق احمد 69, 73, 75, 80, 84, 88, 110
سینیٹر میاں رضا ربانی 124, 133, 163, 167

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ 17, 146
سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی 81, 131, 132, 133